Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

با قاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات ،2 جولائی 2026ء ، 16 محرم الحرام 1448ھ ، قیمت20روپے | شمارہ 78

وزیراعلیٰ زیرصدارت محکمہ زراعت کا اجلاس

9 لاکھ کسان کارڈ جاری‘ 50 ہزار ٹریکٹرز کی تقسیم کا ہدف

24 ہزار گرین ٹریکٹر، 10 لاکھ کی سبسڈی، 12 ہزار سپر سیڈرز اور 10 مزید ماڈل ایگری مالز پنجاب کے کسانوں کی خدمت کیلئے حاضر

انٹرن شپ پروگرام کے اگلے مرحلے میں مزید 1500 ایگری گریجویٹس کو شامل کرنے کا فیصلہ، صوبے بھر میں 10 نئے اور جدید سہولیات سے لیس ”ماڈل ایگری مالز“ بنائے جائیں گے، ماڈل ایگری مالز کا ڈیزائن منظور

تھل ریجن میں پانی ذخیرہ کرنے کیلئے 1 ہزار تالاب اور آبپاشی اسکیمیں متعارف کرانے کا فیصلہ، تھل کے پسماندہ علاقوں میں 10 ہزار ایکڑ پر مالٹے کے باغات لگانے، تھل ٹرانسفارمیشن پروگرام کی منظوری

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبے میں بڑا زرعی انقلاب......پنجاب بھر میں 9 لاکھ کسان کارڈز تقسیم کردیئے گئے ہیں جبکہ 360 ارب کا لون جاری کیا جا چکا ہے اور 99 فیصد لون کی ریکوری بھی مکمل کرلی گئی ہے۔ تھل سے پوٹھوہار تک، جنوبی پنجاب سے سینٹرل پنجاب تک کسان کی ایمپاورمنٹ کا سلسلہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تیز کر دیا ہے۔ (بقیہ نمبر 36)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے پاکستان میں بلغاریہ کے سفیر ایچ ای نے ملاقات کی

یہ سب قدرت کی طرف سے ہوا، اس میں کسی کا کوئی ہاتھ نہیں‘ زخمی خاتون ٹیچر

چھت پر کام ہو رہا تھا یہ درست نہیں ہے، چھت کا کام پہلے ہی مکمل ہو چکا تھا‘ بیان

میری بیٹی، میرے جیٹھ، دیور کے بچے بھی ملبے کے نیچے دب کر زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) کاہنہ میں ٹیوشن سنٹر کی چھت گرنے سے ملبے تلے دب کر زخمی ہونے والی خاتون ٹیچر نے کہا ہے کہ یہ سب قدرت کی طرف سے ہوا ہے اس میں کسی کا کوئی ہاتھ نہیں ہے، چھت پر کام ہو رہا تھا یہ درست نہیں ہے بلکہ چھت کا کام (بقیہ نمبر 37)

محسن نقوی کی بطور چیئرمین پی سی بی تقرری چیلنج

اگر آپ بار بار مداخلت کریں گے تو جرمانہ کردیں گے‘ عدالت کا درخواست کی مداخلت پر اظہار ناراضگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے وزیر داخلہ محسن نقوی کی بطور چیئرمین پی سی بی تقرری کے خلاف درخواست پر چیئرمین پی سی بی کی تقرری کے رولز طلب کر لیے۔ جسٹس ملک اویس خالد خاتون اشبا کامران کی مفاد عامہ (بقیہ نمبر 40)

پنجاب سے 35 ہزار 719 غیر ملکی باشندے ڈی پورٹ

14 ہزار سے زائد مرد، 7 ہزار سے زیادہ خواتین اور 14 ہزار 529 بچے واپس بھجوائے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلاء کا عمل جاری ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق لاہور سمیت صوبے بھر سے اب تک 35 ہزار 719 غیر ملکی باشندوں کو ڈی پورٹ کیا جا چکا (بقیہ نمبر 39)

لاہور میں ٹیوشن سینٹر کی چھت گرنے کا مقدمہ درج

پولیس نے انفورسمنٹ انسپکٹر نشتر زون کاشف اسلم کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا، غفلت ولاپرواہی کا الزام

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے کاہنہ میں ٹیوشن سینٹر کی چھت گرنے سے 14 بچوں کے جاں بحق ہونے کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس نے انفورسمنٹ انسپکٹر نشتر زون کاشف اسلم کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا ہے۔ (بقیہ نمبر 38)

بہترین قانون سازی، ایوان کو انتہائی مدبرانہ انداز میں چلانے پر سپیکر کا کردار قابلِ فخر ہے‘ مریم نواز شریف

وزیراعلیٰ پنجاب سے سپیکر کی ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

ہمارا واحد ہدف پنجاب کے ہر شہری تک ریلیف پہنچانا اور صوبے کو ترقی کی نئی بلندیوں پر لے جانا ہے، عوامی خدمت کا جو سفر ہم نے شروع کیا ہے اس کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے گا، وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کارکردگی صرف باتوں تک نہیں زمین پر بولتی نظر آ رہی ہے، پنجاب میں تیز ترین رسپانس اور گڈ گورننس کا ایک مثالی ماڈل قائم کر دیا ہے، سپیکر ملک احمد خان

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، صوبے کی سیاسی صورتحال اور بجٹ اجلاس پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کارکردگی کو تاریخی اور بے مثال دور قرار دیتے ہوئے زبردست خراج تحسین کیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے پنجاب میں پہلی بار اضلاع اور تحصیل کی سطح پر الیکٹرک بسیں چلانے کے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے اقدام کی بھرپور ستائش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے بھی سپیکر ملک محمد احمد خان کی پنجاب اسمبلی کے لیے خدمات کا اعتراف اور تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب اسمبلی کو جدید خطوط (بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت مون سون سیزن کی تیاریوں اور موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کی حکمت عملی کا جائزہ اجلاس

نواز شریف کا 14 بچوں کے المناک جانی نقصان پر رنج وغم کا اظہار

وزیراعلیٰ واقعہ کی غیر جانبدارانہ انکوائری کروا کر مجرمان کو قرار واقعی سزا دلوائیں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ لاہور میں چھت گرنے سے 14 معصوم بچوں کے المناک جانی نقصان پر دلی رنج ہوا ہے۔ یہ ننھے پھول قوم کا مستقبل تھے۔ دکھ کی اس گھڑی میں میری ہمدردیاں سوگوار (بقیہ نمبر 41)

روس کی پاک افغان اختلافات ختم کرنے کیلئے مذاکرات کی اپیل

ماسکو (این این آئی) روس کی وزارت خارجہ نے پاکستان اور افغانستان سے اپیل کی ہے کہ اپنے اختلافات حل کرنے کے لیے سفارتی اور سیاسی ذرائع استعمال کریں۔ (بقیہ نمبر 42)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان خوشگوار موڈ میں ملاقات کیلئے آ رہے ہیں

سیکٹر F-14 اور F-15 کی بروقت تکمیل، ہاؤسنگ اتھارٹی کا نادہندگان کیخلاف ایکشن

واجب الادا اقساط جمع نہ کروانے والے مزید تیرہ (13) الاٹیز کے پلاٹس بھی فوری طور پر منسوخ کر دیئے گئے ہیں

تمام انتظامی و ترقیاتی امور میں شفافیت، میرٹ اور عوامی مفاد کو مقدم رکھا جائے گا، وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس ریاض حسین پیرزادہ

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس ریاض حسین پیرزادہ، سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کیپٹن (ر) محمد محمود اور ڈائریکٹر جنرل FGEHA کیپٹن (ر) ظفر اقبال کی متحرک قیادت میں سیکٹر F-14 اور F-15 کو اسلام آباد کے جدید، خوبصورت اور ماحول دوست رہائشی سیکٹرز میں شامل کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور خصوصی ہدایات کے مطابق مذکورہ سیکٹرز میں (بقیہ نمبر 1)

71 سال بعد بہنوں اور والدہ کو وراثتی جائیداد میں حصہ دینے کا حکم

وراثت خواتین کا شرعی اور قانونی حق ہے، انہیں اس حق سے محروم رکھنا غیر آئینی اور غیر اسلامی ہے

سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں کیس کی سماعت ہوئی، 13 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس شاہد بلال حسن نے تحریر کیا

لاہور (این این آئی) سپریم کورٹ لاہور رجسٹری نے ہائی کورٹ اور ٹرائل کورٹ کے فیصلوں کو کالعدم قرار دیتے ہوئے 71 سال بعد بہنوں اور والدہ کو وراثتی جائیداد میں حصہ دینے کا حکم دے دیا۔ کیس کی سماعت سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں ہوئی جبکہ 13 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس شاہد بلال حسن نے تحریر کیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ خواتین کے وراثتی حقوق کا تحفظ صرف ریاست کی ذمے داری (بقیہ نمبر 53)

وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس ریاض حسین پیرزادہ، سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کیپٹن (ر) محمد محمود اور ڈائریکٹر جنرل FGEHA کیپٹن (ر) ظفر اقبال سیکٹر F-14 اور F-15 میں کام کا جائزہ لے رہے ہیں

جواء ایپس تشہیر کیس، عروب جتوئی کی قبل از گرفتاری ضمانت پر فیصلہ جاری

لاہور (این این آئی) عدالت نے جواء ایپس پروموشن کیس میں یوٹیوبر عروب جتوئی کی قبل از گرفتاری ضمانت کی درخواست پر تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ ایڈیشنل اینڈ سیشن جج نصرت علی صدیقی نے وکلا کے دلائل سننے کے بعد دو صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ ملزمہ کی جانب سے ایڈووکیٹ عثمان (بقیہ نمبر 43)

پروونیز سکول سسٹم اور نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (نیوٹیک) کے ساتھ ڈیجیٹل ایجوکیشن کو فروغ دینے کے لیے ایم او یو پر دستخط

کوالٹی تعلیم کو ڈیجیٹل تبدیلی کے ذریعے وسعت دینے کیلئے مشترکہ فریم قائم

اس شراکت داری کا مقصد نیوٹیک کی ہنر پر مبنی تعلیم میں تعلیمی برتری کو پروونیز کی انفراسٹرکچر، سہولیات اور مشترکہ تعلیمی اقدامات کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ہے

دونوں ادارے پروجیکٹ بیسڈ لرننگ، سرٹیفکیشن پروگرامز، فیکلٹی ڈویلپمنٹ اور حکومت یا ڈونر فنڈز پر بھی مل کر کام کریں گے

اسلام آباد (این ای این) پروونیز سکول سسٹم نے نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (نیوٹیک) کے ساتھ ڈیجیٹل ایجوکیشن کو فروغ دینے کے لیے ایم او یو پر دستخط کیے۔ کوالٹی تعلیم تک رسائی کو ڈیجیٹل تبدیلی کے ذریعے وسعت دینے کے لیے، پروونیز سکول سسٹم چکوال اور نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی نے ایک تعاون کا مشترکہ فریم ورک قائم کر لیا ہے۔ اس شراکت داری کا مقصد نیوٹیک کی ہنر پر مبنی تعلیم (بقیہ نمبر 5)

آیت اللہ علی خامنہ ای کی نماز جنازہ میں وزیراعظم شرکت کرینگے

وزیراعظم شہباز شریف جولائی کے پہلے ہفتے میں ایران کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف شہید ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی نماز جنازہ میں شرکت کیلئے رواں ہفتے ایران کا دورہ کریں (بقیہ نمبر 54)

پروونیز سکول سسٹم اور نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (نیوٹیک) میں ڈیجیٹل ایجوکیشن کو فروغ دینے کے لیے ایم او یو پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

8 افسران کے تقرر و تبادلے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 8 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اے سی سٹی لاہور رائے بابر علی کو تبدیل کر کے اے سی رائیونڈ، یہاں پر تعینات اے سی رائے ونڈ عامر لیاقت کو اے سی لاہور سٹی، اے سی نور پور تھل ہارون اختر کو تبدیل کر کے اے سی، شازیہ رحمان کو اے سی نور پور تھل، اے سی خوشاب ضیا اللہ کی خدمات ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے (بقیہ نمبر 48)

وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک اقوام متحدہ کے اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل محمد یحییٰ سے ملاقات کر رہے ہیں

بکریاں بچانے کیلئے کنویں میں اترنے والے 3 نوجوان جاں بحق

جاں بحق افراد کی عمریں 19 سے 24 سال کے درمیان ہیں، لاشوں کو نکال لیا

بہاولنگر (این این آئی) بہاول نگر کے علاقے چشتیاں میں کنویں میں اترنے کے بعد دم گھٹنے سے تین نوجوان جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق مرنے والوں میں دو بھائی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق تینوں افراد کنویں میں گری بکری کو بچانے کیلئے باری باری ایک ایک کر کے (بقیہ نمبر 55)

وزارتِ آئی ٹی اور ٹیلی کام اور PSEB کی جانب سے US(SLED) ٹریننگ پروگرام کی گریجویشن کی تقریب کا انعقاد

افتتاحی کوہورٹ نے 74 پاکستانی کمپنیوں کو 76 ماڈیولز پر مبنی تربیت فراہم کی

چھ ہفتوں کے اس تربیتی پروگرام میں 140 سے 150 تربیتی گھنٹے شامل تھے، جو 6.9 ملین کی لاگت سے دو مراحل میں مکمل کیا گیا

(PSEB) کے تعاون سے چلنے والا یہ SLED پروگرام امریکہ کے لیے ہماری برآمدات کی شرحِ نمو کو تیز کریگا، شنزا فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (این ای این) وزارتِ آئی ٹی اور ٹیلی کام اور PSEB کی جانب سے US(SLED) ٹریننگ پروگرام کی گریجویشن کی تقریب کا انعقاد، افتتاحی کوہورٹ (پہلے بیچ) نے 74 پاکستانی کمپنیوں کو 76 ماڈیولز پر مبنی تربیت فراہم کی، جس میں امریکی خریداری کے نظام (procurement systems)، ریگولیٹری تعمیل اور مارکیٹ انٹیلی جنس کا احاطہ کیا (بقیہ نمبر 2)

وزارتِ آئی ٹی اور ٹیلی کام اور PSEB کی جانب سے US(SLED) ٹریننگ پروگرام کی گریجویشن کی تقریب کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

ویڈیو بنانے کی کوشش مہنگی پڑ گئی، گاڑی دریائے کنہار میں بہہ گئی

مانسہرہ (این این آئی) مانسہرہ کے سیاحتی علاقے ناران میں ویڈیو بنانے کی کوشش کے دوران ایک گاڑی دریائے کنہار میں بہہ گئی۔ پولیس کے مطابق چار دوست گاڑی کو دریا سے گزار کر ویڈیو بنا رہے تھے کہ اچانک پانی کے تیز بہاؤ کے باعث گاڑی بے قابو ہو (بقیہ نمبر 44)

ڈاکٹر یاسمین راشد کے انتقال کی خبروں پر پی ٹی آئی کی وضاحت آ گئی

اللہ کا شکر ہے ڈاکٹر یاسمین راشد زندہ اور وہ کوٹ لکھپت جیل میں ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 9 مئی کے کیسز میں سزا یافتہ اور کوٹ لکھپت جیل میں قید پی ٹی آئی کی بزرگ خاتون رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد کے انتقال کی خبروں پر وضاحت جاری کر دی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 49)

وزیراعلیٰ سارا راولپنڈی کی ایک ماہ میں 25 کروڑ روپے ریونیو ریکوری

واسا راولپنڈی کی ایک ماہ میں 25 کروڑ روپے ریونیو ریکوری

ایم ڈی عزیز اللہ خان کی قیادت میں پہلی بار ریکارڈ ہدف مکمل، سروس ڈیلیوری میں بہتری اور مؤثر حکمت عملی کامیابی کی بنیاد قرار

مؤثر سروس ڈیلیوری اور شہری سہولت کو ترجیح دینا ادارے کی پالیسی کا حصہ ہے، ایم ڈی واسا راولپنڈی عزیز اللہ خان

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) واسا راولپنڈی نے ادارہ جاتی کارکردگی میں ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے تاریخ میں پہلی بار ایک ہی ماہ کے دوران 250 ملین روپے (25 کروڑ روپے) ریونیو ریکوری کا ہدف کامیابی سے حاصل کرلیا۔ اس غیر معمولی کامیابی کو ادارے کی انتظامی صلاحیت، مؤثر حکمتِ عملی اور مسلسل نگرانی کا نتیجہ قرار دیا جا رہا ہے۔ ترجمان واسا کے مطابق یہ ہدف ایم ڈی (بقیہ نمبر 6)

پاکستان اور بھارت کے درمیان قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ

پاکستان نے بھارت کو 715 پاکستانی قیدیوں کی فہرست فراہم کی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے درمیان قونصلر رسائی معاہدہ 2008 کے تحت قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ کیا گیا ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستان نے بھارت کو 715 پاکستانی قیدیوں کی فہرست فراہم کی، جن (بقیہ نمبر 46)

اسوۂ حسینی امن، عدل اور حق پر استقامت کا ابدی پیغام ہے‘ ڈاکٹر احسان بھٹہ

لاہور (این این آئی) سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ نواسہ رسول حضرت امام حسین کی حیات مبارکہ صبر، شجاعت، عدل، ایثار، استقامت، حق گوئی اور رضائے الٰہی کے لیے ہر قربانی پیش کرنے کا ایسا درخشاں، آفاقی اور (بقیہ نمبر 45)

چیئرمین سی ڈی اے سے بحرین کے سفیر کی ملاقات

بحرین کے سفیر نے اسلام آباد کی خوبصورتی اور سرسبز و شادابی کو سراہا

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی بدھ کے روز بحرین کے سفیر محمد ابراہیم محمد عبدالقدیر سے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ملاقات ہوئی۔ چیئرمین سی ڈی اے نے بحرین کے (بقیہ نمبر 50)

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف سے، بحرین کے سفیر محمد ابراہیم محمد عبدالقدیر سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ملاقات کر رہے ہیں

سرگودھا سے ہونے والی 17 سالہ دوشیزہ لاہور سے بازیاب

اغواء میں ملوث خاتون سمیت تین ملزم گرفتار، وقوعہ کا مقدمہ درج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا سے اغوا ہو کر لاہور میں فروخت ہونے والی 17 سالہ دوشیزہ کو بازیاب کر کے خاتون سمیت تینوں ملزمان کو گرفتار کر لیا اور مذید تفتیش میں مصروف ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ جھاوریاں کے علاقہ ڈے 17 سالہ دوشیزہ کو اغوا کر لیا گیا جس کی اطلاع پر پولیس تھانہ جھاوریاں نے وقوعہ (بقیہ نمبر 56)

دیرینہ دشمنی کا شاخسانہ، ایک نوجوان قتل، دوسرا شدید زخمی

سرگودھا (این این آئی) مسلح افراد نے دیرینہ دشمنی پر فائرنگ کر کے ایک نوجوان کو قتل اور دوسرے کو شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس مقتول کی نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے مصروف تفتیش ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر معاونِ خصوصی برائے پبلک پراسیکیوشن رانا بلال احمد کا سرگودھا کا دورہ

منتہیٰ زہرہ اور محمد دانش کے ورثاء سے ملاقات، انصاف کی فراہمی کی یقین دہانی

وزیراعلیٰ پنجاب دونوں مقدمات کی خود نگرانی کر رہی ہیں، کسی بے گناہ کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی اور کوئی مجرم قانون کی گرفت سے نہیں بچے گا، رانا بلال احمد

اعلیٰ سطحی اجلاس میں مقدمات کی تفتیشی پیش رفت کا جائزہ، پراسیکیوشن اور پولیس کو شفاف، میرٹ پر اور بروقت کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت

سرگودھا (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر معاونِ خصوصی برائے پبلک پراسیکیوشن رانا بلال احمد نے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب فریاد علی شاہ اور سیکرٹری پراسیکیوشن سلمان غنی کے ہمراہ سرگودھا کا دورہ کیا۔ انہوں نے منتہیٰ (بقیہ نمبر 3)

سرگودھا۔ معاون خصوصی برائے پبلک پراسیکیوشن رانا بلال احمد پراسیکیوٹر جنرل پنجاب فریاد علی شاہ اور سیکرٹری پراسیکیوشن سلمان غنی کے ہمراہ منتہیٰ زہرہ اور محمد دانش کے ورثاء سے الگ الگ ملاقات کر رہے ہیں

مدرسے کے لاپتہ طالبعلم کی لاش نالے سے مل گئی، قاتل گرفتار

طالبعلم کو اس کے دو ساتھیوں نے مدرسے کے ایک کمرے میں گلا دبا کر قتل کیا، پولیس

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں مدرسے کے لاپتہ ہونے والے طالبعلم کی لاش گندے نالے سے مل گئی۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ فیصل آباد کے علاقے ڈی ٹائپ کالونی کے ایک مدرسے میں پیش آیا جہاں سے ایک 14 سالہ طالبعلم 28 جون کو (بقیہ نمبر 51)

جولائی میں عرب امارات میں فیول سستا، پانچ ماہ بعد بڑی کمی

یہ کمی گزشتہ پانچ ماہ میں پہلی کمی ہے، اس سے قبل عوام مہنگا پیٹرول خریدنے پر مجبور تھی

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں جولائی کے لیے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کر دی گئی۔ یہ کمی گزشتہ پانچ ماہ میں پہلی کمی ہے، اس سے قبل عوام مہنگا پیٹرول خریدنے پر مجبور تھی۔ پیٹرول سپر 98 کی نئی قیمت 3.40 درہم فی لیٹر (تقریباً 257.38 پاکستانی روپے) مقرر کی گئی ہے جو جون کی قیمتوں سے تقریباً 14 فیصد کم (بقیہ نمبر 52)

آستانہ عالیہ کاظمیہ چشتیہ آباد شریف چک نمبر 140 ر ب متھیانوالہ میں عظیم الشان مذہبی تقریب

محفل ذکر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ و عرس مبارک کا انعقاد

بابرکت محفل 10 جولائی بروز جمعۃ المبارک بعد از نماز مغرب منعقد ہوگی، صدارت پیر غضنفر بلال شاہ اور پیر محمد اسلم شاہ کرینگے

اس روحانی محفل کے بنیادی مقررِ خصوص حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ محمد فرحان مصطفائی صاحب (آف شورکوٹ) ہوں گے

فیصل آباد (این ای این) آستانہ عالیہ کاظمیہ چشتیہ آباد شریف، چک نمبر 140 ر ب متھیانوالہ میں انتظامیہ اور اہل علاقہ کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان مذہبی تقریب " محفل ذکر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ و عرس مبارک " کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ یہ بابرکت محفل 10 جولائی بروز جمعہ، بعد از نماز مغرب منعقد ہوگی۔ تقریب کی صدارت اور سرپرستی آستانہ عالیہ کے مرکزی سجادہ نشین پیر غضنفر بلال شاہ اور پیر محمد اسلم شاہ (چشتی چشتیہ سیالوی) کریں گے، جبکہ پیر محمد فدا حسین شاہ کاظمی کی (بقیہ نمبر 4)

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال یوران پاکستان "مٹی کی پوکر" اوورسیز پاکستانیز سمر سکالرز پروگرام 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ABC Certified | MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

کاہنہ کا اندوہناک سانحہ

لاہور کے علاقے کاہنہ میں ایک ٹیوشن سنٹر کی چھت گرنے سے 14 بچوں کے جاں بحق ہونے کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔ یہ ننھے بچے علم حاصل کرنے کیلئے گھروں سے نکلے تھے مگر ٹیوشن سنٹر کی انتظامیہ کی غفلت اور بے احتیاطی نے ان بچوں کی زندگیوں کے چراغ گل کر دیے۔ ٹیوشن سنٹر ایک خستہ حال رہائشی عمارت میں قائم تھا جس کی چھت مضبوط نہیں تھی۔ ریسکیو حکام کے مطابق چھت پر تعمیراتی کام کے دوران مٹی اور ٹائلوں کے اضافی بوجھ کی وجہ سے پوری چھت ٹوٹ کر نیچے آ گری۔ یعنی یہ حادثہ کسی قدرتی آفت کا نہیں بلکہ انسانی غفلت کا نتیجہ ہے۔ یہ اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ نہیں۔ رواں برس مئی میں ڈیرہ غازی خان میں ایک نجی سکول کی چھت گرنے سے چار بچے جاں بحق ہوئے جبکہ گزشتہ برس ستمبر میں پنجاب ہی کے ایک قصبے سکھیکی میں ایک سکول کی چھت گرنے سے چھ بچے اور ایک استاد زندگی کی بازی ہار گئے۔ ان تمام واقعات میں قدرِ مشترک یہ ہے کہ تینوں عمارتوں کی چھتیں ٹی آر کی بنی تھیں اور بروقت مرمت نہ ہونے کے باعث موت کا پھندا بن گئیں۔

یہاں بنیادی سوال یہ ہے کہ سکولوں‘ تعلیمی اداروں‘ اور اکیڈمیوں کی عمارتوں کا معائنہ کس کی ذمہ داری ہے؟ اس سے بھی زیادہ تشویشناک پہلو گلی محلوں میں قائم ہزاروں غیر رجسٹرڈ ٹیوشن سنٹرز اور اکیڈمیوں کا ہے۔ ان مراکز کیلئے کوئی واضح قانونی فریم ورک موجود نہیں۔ نہ ان کی رجسٹریشن کرائی جاتی ہے اور نہ ہی عمارتوں کا حفاظتی آڈٹ ہوتا ہے‘ حالانکہ روزانہ لاکھوں بچے ان مقامات پر کئی گھنٹے گزارتے ہیں۔ لیکن یہ مسئلہ صرف سکولوں اور ٹیوشن سنٹروں تک محدود نہیں بلکہ پورے ملک میں خستہ حال عمارتیں سنگین نوعیت کے خطرات کی نشاندہی کرتی ہیں۔ رواں برس جنوری میں والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کی جانب سے لاہور ہائیکورٹ میں جمع کرائی گئی ایک رپورٹ کے مطابق صرف اندرون شہر لاہور میں 346 خستہ حال اور انتہائی خطرناک عمارتیں موجود ہیں‘ جن میں سے 254 اب بھی رہائش‘ تجارت یا دیگر سرگرمیوں کیلئے استعمال ہو رہی ہیں۔ اسی طرح سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے مطابق کراچی میں 588 مخدوش عمارتیں موجود ہیں جن میں تقریباً 50 انتہائی خطرناک قرار دی جا چکی ہیں اور وہ کسی بھی وقت ایک بڑے انسانی سانحے کا سبب بن سکتی ہیں۔

دیگر بڑے شہروں میں بھی کمی وبیش ایسی ہی صورتحال ہے۔ یہ اعداد وشمار اس بات کا ثبوت ہیں کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو کاہنہ جیسے مزید سانحات وقوع پذیر ہو سکتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت محض حادثات کے بعد ردِعمل دینے کے بجائے مستقل اور مؤثر اصلاحات کی طرف بڑھے۔ سانحہ کاہنہ کو قدرت کی آخری تنبیہ سمجھا جائے اور فوری طور پر نہ صرف تمام صنعتی اور کمرشل عمارتوں میں حفاظتی آڈٹ قانونی طور پر لازمی قرار دیا جائے بلکہ بلڈنگ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی بھی عمل میں لائی جائے۔ کاہنہ کے 14 معصوم بچوں کی جانیں واپس نہیں آسکتیں لیکن اگر ان کی قربانی بھی ہمارے نظام کو نہ جگا سکی تو یہ ہماری اجتماعی بے حسی کا ثبوت ہوگا۔

وزیراعظم کی طرف سے دنیا کو امن کا تحفہ

اسداللہ غالب

دنیا کی تاریخ جب بھی بحرانوں، جنگوں اور خوف کے مہیب بادلوں سے گھری ہے، تب تب کسی نہ کسی مدبر اور مسیحا نے آگے بڑھ کر امن کا چراغ روشن کیا ہے۔ حالیہ عالمی منظر نامے میں جہاں ہر طرف تیسری جنگ عظیم کے مہیب سائے گہرے ہو رہے تھے، اور عالمی طاقتیں ایک دوسرے کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کی دھمکیاں دے رہی تھیں، وہاں سوئٹزرلینڈ کا خوبصورت، پرسکون اور تاریخی شہر جنیوا ایک بار پھر عالمی تاریخ کا رخ موڑنے کا گواہ بنا۔ سوئٹزرلینڈ، جو صدیوں سے اپنی غیر جانبداری، سفارتی روایات اور امن پسندی کے لیے پوری دنیا میں ایک خاص مقام رکھتا ہے، وہاں وزیراعظم شہباز شریف کی انتھک محنت، بے مثال دور اندیشی، اور مخلصانہ سفارت کاری کے نتیجے میں ایک ایسا تاریخی اور فقید المثال امن معاہدہ طے پایا جس نے نہ صرف ڈوبتی ہوئی عالمی انسانیت کو سہارا دیا بلکہ تاریخ کا دھارا بدل کر رکھ دیا۔ یہ کوئی روایتی یا عام نوعیت کا معاہدہ نہیں تھا، بلکہ یہ پاکستان کی اس جاندار اور متحرک خارجہ پالیسی کا منہ بولتا ثبوت تھا جس کی بنیاد ہمارے وزیراعظم نے ”سب کے لیے امن اور سب کی ترقی“ کے سنہری اصول پر رکھی ہے۔

اس تاریخی معاہدے کا سب سے پہلا، فوری اور نمایاں فائدہ عالمی سطح پر ایک جامع جنگ بندی کی صورت میں سامنے آیا۔ جن خطوں، شہروں اور سرحدوں پر سالہا سال سے بارود کی بدبو پھیلی ہوئی تھی، جہاں رات دن معصوم بچوں، بوڑھوں اور خواتین کی جانیں ضائع ہو رہی تھیں، وہاں اچانک توپیں خاموش ہو گئیں، لڑاکا طیاروں کی گھن گرج تھم گئی اور فضاؤں میں منڈلاتے ہوئے میزائلوں کے سائے چھٹ گئے۔ اگرچہ گزشتہ دنوں میں ایران اور امریکہ کے درمیان دوبارہ سے کچھ جنگی جھڑپوں کی خبریں سامنے آئی ہیں لیکن امید واثق ہے کہ یہ سلسلہ اکا دکا واقعات سے آگے نہیں بڑھے گا اور پاکستان نے دنیا کو امن سے لیس کرنے کا جو بیڑہ اٹھایا ہے وہ ضرور پار ہو گا۔ یہ معاہدہ ہونا اور فریقین کو مذاکرات کی میز تک لانا ہی بڑی کامیابی تھی تاہم بات اس سے آگے بڑھی اور فریقین نے معاہدے پر دستخط بھی کیے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بے لوث کوششوں نے دنیا کے بڑے بڑے جنگی جابروں کو یہ باور کروایا کہ امن کا راستہ صرف اور صرف مذاکرات کی میز سے ہی نکل سکتا ہے۔ اس جنگ بندی کے نتیجے میں روزانہ کی بنیاد پر ہونے والا ہولناک انسانی جانوں کا ضیاع رک گیا۔ لاکھوں کی تعداد میں وہ پناہ گزین جو جنگ کی ہولناکیوں کی وجہ سے اپنے گھربار، جائدادیں اور آبائی علاقے چھوڑ کر کیمپوں میں کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور تھے، اب اپنے وطن اور گھروں کو واپس لوٹنے لگے ہیں اور زندگی اپنے معمول پر واپس آ رہی ہے۔

مشرقِ وسطیٰ کا اہم اور حساس خطہ بھی طویل عرصے سے بارود کے ایک ایسے ڈھیر پر بیٹھا تھا، جہاں ایران اور اس کے علاقائی حریفوں کے درمیان جاری میزائلوں کی ہولناک جنگ نے پورے خطے کا امن و امان اور معاشی ڈھانچہ تباہ و برباد کر رکھا تھا۔ سخت ترین معاشی پابندیاں، راتوں کو شہروں پر گرتے ہوئے تباہ کن میزائل، اور ہر لمحہ بڑھتا ہوا عدم استحکام اس پورے خطے کا مقدر بن چکے تھے اور دنیا کی بڑی طاقتیں بھی اس آگ کو بجھانے میں ناکام نظر آ رہی تھیں۔ لیکن وزیراعظم شہباز شریف نے اپنی غیر معمولی مدبرانہ حکمتِ عملی، گہری سیاسی بصیرت اور اسلامی اخوت کے جذبے سے سرشار ہو کر ایران اور دیگر تمام متعلقہ قوتوں کے دیرینہ تحفظات کو دور کرنے کے لیے دن رات ایک کیا۔ اس مخلصانہ سفارت کاری کا یہ شاندار نتیجہ نکلا کہ ایران میں جاری میزائلوں کی جنگ بند ہو گئی، جس سے خطے میں پھیلا ہوا شدید خوف و ہراس ختم ہو گیا۔ وہ سرحدیں جو کبھی دشمنی، توپوں اور فوجوں کی آمادگی کی علامت ہوا کرتی تھیں، وہ تجارتی قافلوں اور معاشی رابطوں کا بہترین ذریعہ بن رہی ہیں۔ ایران میں میزائل جنگ کی اس مکمل بندی سے نہ صرف اس ملک کے غیور عوام کو سکھ کا سانس ملا، بلکہ پورے مشرقِ وسطیٰ میں امن و امان کی ایک ایسی نئی اور روشن سحر طلوع ہوئی جس کا تصور بھی چند ماہ پہلے تک ناممکن معلوم ہوتا تھا۔

اس عظیم الشان سفارتی کامیابی نے عالمی برادری کی نظروں میں پاکستان کے قد کاٹھ، عزت اور وقار میں بے پناہ اور تاریخی اضافہ کر دیا ہے۔ اتنے بڑے سکیل کی جنگ اچانک ختم نہیں ہوتی‘ اور ایک دوسرے پر اعتماد کا سلسلہ آہستہ آہستہ آگے بڑھتا ہے۔ اسی لئے تو ہم دیکھ رہے ہیں کہ ایران اور امریکہ کے درمیان چھوٹی موٹی جھڑپیں جاری ہیں تاہم انہیں رکوانے کے لئے بھی تمام اہم ممالک سرگرم ہیں۔

جنگوں اور مسلح تنازعات کا سب سے بڑا اور بھیانک نقصان ہمیشہ دنیا کے عام اور غریب انسان کو معاشی تباہی کی شکل میں بھگتنا پڑتا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ کے خراب حالات، ایران میں میزائل جنگ اور دیگر عالمی تنازعات کی وجہ سے بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی تھیں، جس نے دنیا کے کونے کونے میں مہنگائی اور کساد بازاری کا ایک ایسا خوفناک طوفان برپا کر رکھا تھا جس سے غریب عوام کا جینا محال ہو چکا تھا۔ ترقی پذیر اور پسماندہ ممالک تو دور کی بات، دنیا کے بڑے بڑے ترقی یافتہ اور امیر ممالک کی معیشتیں بھی اس پٹرولیم بحران کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو چکی تھیں اور ہر طرف معاشی افراتفری کا ماحول تھا۔ جنیوا امن معاہدے کی کامیابی اور ایران میں میزائل جنگ کی مستقل بندش کے ساتھ ہی عالمی معاشی مارکیٹ میں ایک زبردست، حیران کن اور مثبت تبدیلی رونما ہوئی۔ خام تیل کی قیمتیں جو ریکارڈ سطح پر بلند ہو کر بے لگام ہو چکی تھیں، ان میں یکدم ریکارڈ کمی دیکھنے میں آئی اور قیمتیں ایک مستحکم سطح پر آ گئیں۔ اگرچہ گزشتہ دنوں کی چند جھڑپوں سے دوبارہ تیل کی قیمتیں متزلزل ہوئی ہیں لیکن یہ عارضی ہے۔ جیسے جیسے امن کی جانب قدم بڑھیں گے جنگ بندی کی خلاف ورزیاں دونوں جانب سے تھم جائیں گی۔

سوئٹزرلینڈ کے پرامن شہر جنیوا سے شروع ہونے والا یہ امن کا سفر اب پوری دنیا میں خوشحالی، ترقی اور امن کی خوشبو پھیلا رہا ہے۔ عالمی سطح پر مکمل جنگ بندی، ایران میں خطرناک میزائلوں کی مستقل بندش، پٹرول کی قیمتوں میں تاریخی کمی اور معیشت کے جمود کا ٹوٹ کر پوری رفتار سے چلنا، سب اس ایک دور اندیشانہ فیصلے اور مخلصانہ کوشش کا نتیجہ ہیں جو پاکستان کی موجودہ قیادت نے عالمی سطح پر کیا۔ آج دنیا کا ہر انصاف پسند شہری، چاہے وہ مشرق کا رہنے والا ہو یا مغرب کا، پاکستان اور اس کے وزیراعظم کا دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہے کہ انہوں نے بارود کی تپش اور جنگ کی ہولناکی کو امن کی ٹھنڈک اور خوشحالی کے تحفے میں بدل دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی طرف سے دنیا کو دیا جانے والا یہ امن کا تحفہ اس بات کی روشن ضمانت ہے کہ اگر نیت سچی ہو، عزم پختہ ہو اور قیادت مخلص ہو، تو دنیا کے بڑے سے بڑے اور مشکل ترین مسائل بھی جنگ کے بغیر، صرف میز پر بیٹھ کر بات چیت کے ذریعے حل کیے جا سکتے ہیں۔ پاکستان کا یہ کردار رہتی دنیا تک قائم رہے گا، اور ہمارا ملک اسی طرح دنیا کے لیے امن کا گہوارہ بنا رہے گا۔

دہشت گردی کے واقعات پر مغرب کا دوہرا معیار

تحریر۔۔۔ نازیہ مصطفےٰ

صحافت کو اکثر تاریخ کا پہلا مسودہ کہا جاتا ہے۔ کسی بھی واقعے کے بارے میں عوام کی پہلی رائے عموماً میڈیا کے ذریعے ہی سامنے آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خبر میں استعمال ہونے والا ہر لفظ صرف ایک لسانی انتخاب نہیں بلکہ ایک اخلاقی، صحافتی اور سماجی ذمہ داری بھی ہوتا ہے۔ خاص طور پر دہشت گردی جیسے حساس موضوع پر الفاظ کی اہمیت کئی گنا بڑھ جاتی ہے، کیونکہ یہ الفاظ نہ صرف کسی واقعے کی نوعیت واضح کرتے ہیں بلکہ عوامی تاثر، بین الاقوامی ردعمل اور متاثرین کے ساتھ اظہار یکجہتی پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ اسی تناظر میں گزشتہ کئی برسوں سے یہ سوال بار بار اٹھایا جاتا رہا ہے کہ کیا عالمی میڈیا، خصوصاً بعض بڑے مغربی ذرائع ابلاغ، دنیا کے مختلف خطوں میں دہشت گردی کے واقعات کو یکساں معیار کے مطابق رپورٹ کرتے ہیں، یا مختلف جغرافیوں کے لیے مختلف اصطلاحات اور مختلف حساسیت اختیار کی جاتی ہے؟

یہ سوال اس لیے اہم ہے کہ اگر ایک ہی نوعیت کے جرم کو مختلف ممالک میں مختلف الفاظ سے بیان کیا جائے تو اس سے غیر ارادی یا ارادی طور پر مختلف تاثرات جنم لے سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر جب نیویارک، لندن، پیرس، برسلز یا میڈرڈ میں عام شہریوں کو نشانہ بنانے والا حملہ ہوتا ہے تو عالمی میڈیا کی بڑی تعداد نسبتاً جلد "دہشت گردی" یا "ٹیرر اٹیک" جیسی اصطلاحات استعمال کرتی ہے۔ اس کے برعکس جب پاکستان یا بعض دیگر خطوں میں اسی نوعیت کا واقعہ پیش آتا ہے تو متعدد رپورٹس میں شدت پسند"، "مسلح گروہ"، "عسکریت پسند" یا "ملیٹنٹ" جیسی اصطلاحات زیادہ نمایاں دکھائی دیتی ہیں۔ اگرچہ مختلف اداروں کی اپنی پالیسیاں اور قانونی احتیاطیں ہوتی ہیں، تاہم اس فرق سے دوہرے معیار کا تاثر پیدا ہونا ایک فطری امر ہے۔

صحافتی ادارے عموماً یہ مؤقف اختیار کرتے ہیں کہ وہ مخصوص قانونی یا ادارتی رہنما اصولوں کے تحت کسی گروہ کو "دہشت گرد" قرار دینے کے بجائے نسبتاً عمومی اصطلاحات استعمال کرتے ہیں، الا یہ کہ کسی سرکاری یا عدالتی تناظر میں اس کی وضاحت ضروری ہو۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہی اصول ہر جگہ یکساں شدت سے نافذ ہوتے ہیں؟ یہی وہ پہلو ہے جو بحث کو جنم دیتا ہے۔ اگر کسی ایسے گروہ نے، جسے متعدد ریاستوں یا بین الاقوامی سطح پر دہشت گرد یا کالعدم تنظیم قرار دیا جا چکا ہو، عام شہریوں، بچوں، خواتین، عبادت گاہوں، تعلیمی اداروں یا سکیورٹی اہلکاروں کو دانستہ نشانہ بنایا ہو تو اس کی کارروائی کو محض "عسکریت پسندانہ حملہ" کہنا واقعہ کی سنگینی کو مکمل طور پر واضح نہیں کرتا۔

پاکستان اس حوالے سے ایک منفرد مثال ہے۔ گزشتہ دو دہائیوں میں پاکستان نے دہشت گردی کی ایسی قیمت ادا کی ہے جس کی مثال دنیا میں کم ملتی ہے۔ ہزاروں شہری، اساتذہ، ڈاکٹر، صحافی، علما، مزدور، بچے، خواتین، پولیس اہلکار، فوجی جوان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار دہشت گردی کا نشانہ بنے۔ ملک کی معیشت کو اربوں ڈالر کا نقصان پہنچا، لاکھوں افراد بے گھر ہوئے اور پورے معاشرے نے خوف، عدم استحکام اور مسلسل خطرات کا سامنا کیا۔ اس پس منظر میں پاکستانی عوام یہ توقع رکھتے ہیں کہ عالمی میڈیا ان قربانیوں اور ان کے پس منظر کو بھی اسی اہمیت سے پیش کرے، جس طرح دنیا کے دیگر حصوں میں دہشت گردی کے متاثرین کو پیش کیا جاتا ہے۔

اس بحث کا ایک اور اہم پہلو متاثرین کی نمائندگی ہے۔ ذمہ دار صحافت کا بنیادی اصول یہ ہے کہ خبر میں تمام متعلقہ فریقوں کی آواز شامل کی جائے، لیکن خاص طور پر دہشت گردی کے واقعات میں متاثرین اور ان کے اہل خانہ کا نقطۂ نظر مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ اگر کسی رپورٹ میں حملہ آور گروہ کے داخلی اختلافات، قیادت، تنظیمی ڈھانچے یا حکمت عملی پر نسبتاً زیادہ تفصیل موجود ہو، جبکہ متاثرہ خاندانوں، شہداء، زخمیوں اور معاشرتی نقصانات کو محدود جگہ دی جائے، تو اس سے خبر کا توازن متاثر ہونے کا تاثر پیدا ہو سکتا ہے۔ ایسی رپورٹنگ اگرچہ ضروری نہیں کہ جانبداری پر مبنی ہو، لیکن اس کے نتائج کے بارے میں سوالات ضرور اٹھتے ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ الفاظ بیانیہ تشکیل دیتے ہیں۔ ابلاغیات کے ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ میڈیا صرف معلومات منتقل نہیں کرتا بلکہ واقعات کی تشریح اور عوامی فہم کی تشکیل میں بھی کردار ادا کرتا ہے۔ اگر ایک حملے کو "دہشت گردی" اور دوسرے کو "شدت پسندانہ کارروائی" کہا جائے تو عام قاری کے ذہن میں ان دونوں واقعات کی سنگینی کے بارے میں مختلف تاثر پیدا ہو سکتا ہے، خواہ دونوں میں شہریوں کو دانستہ نشانہ بنایا گیا ہو۔ اسی لیے متعدد ماہرین یہ تجویز دیتے ہیں کہ اصطلاحات کے استعمال میں زیادہ مستقل مزاجی اور شفافیت اختیار کی جانی چاہیے تاکہ کسی بھی خطے کے متاثرین کو یہ احساس نہ ہو کہ ان کی تکلیف کو کم اہمیت دی جا رہی ہے۔

یہاں اس حقیقت کو بھی تسلیم کرنا ضروری ہے کہ صحافت کی غیر جانبداری کا مطلب اخلاقی غیر جانبداری نہیں ہوتا۔ صحافی کا کام حقائق بیان کرنا ہے، لیکن جب بے گناہ شہریوں کو دانستہ قتل کیا جائے تو اس عمل کی اخلاقی مذمت اور اس کی درست نوعیت واضح کرنا بھی پیشہ ورانہ ذمہ داری کا حصہ ہے۔ غیر جانبداری کا مطلب یہ نہیں کہ قاتل اور مقتول کو ایک ہی اخلاقی سطح پر رکھ دیا جائے یا دہشت گردی کی سفاکی کو ایسے الفاظ میں بیان کیا جائے جو اس کے حقیقی اثرات کو دھندلا دیں۔

دوسری طرف یہ بھی ضروری ہے کہ دہشت گردی کی رپورٹنگ جذبات یا سیاسی دباؤ کے بجائے مستند معلومات کی بنیاد پر کی جائے۔ کسی واقعے کو قبل از وقت دہشت گردی قرار دینا بھی اتنا ہی غیر مناسب ہے جتنا ایک واضح دہشت گرد حملے کی نوعیت کو مبہم بنا دینا۔ اسی لیے صحافتی اداروں کو چاہیے کہ وہ شواہد، تفتیش اور ذمہ داری کے تعین کے بعد ایسی اصطلاحات استعمال کریں جو نہ صرف حقائق سے ہم آہنگ ہوں بلکہ مختلف خطوں میں یکساں معیار کی بھی عکاسی کریں۔

پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف جدوجہد عالمی سطح پر بھی اہمیت رکھتی ہے۔ ملک نے عسکری، انٹیلی جنس، قانونی اور سماجی سطح پر دہشت گردی کے خلاف وسیع اقدامات کیے ہیں۔ مختلف عسکری آپریشنز، قومی ایکشن پلان، انسداد دہشت گردی کے قوانین، سرحدی نگرانی اور بین الاقوامی تعاون کے ذریعے دہشت گرد نیٹ ورکس کو شدید نقصان پہنچایا گیا۔ ان اقدامات کے نتیجے میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی بھی آئی، اگرچہ خطرہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوا۔ ان قربانیوں اور کوششوں کو عالمی میڈیا میں متوازن اور جامع انداز میں جگہ ملنا بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا کسی حملے کی فوری خبر دینا۔ آج کی باہم مربوط دنیا میں صحافت کی ذمہ داری پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔ اگر کسی خطے کے متاثرین یہ محسوس کریں کہ ان کی جانوں کی قدر دوسرے خطوں کے مقابلے میں کم سمجھی جا رہی ہے تو یہ احساس عالمی میڈیا پر اعتماد کو متاثر کر سکتا ہے۔ اسی لیے ضروری ہے کہ صحافتی ادارے اپنی ادارتی پالیسیوں کا مسلسل جائزہ لیں، اصطلاحات کے استعمال میں شفافیت پیدا کریں اور دہشت گردی جیسے عالمی خطرے کو جغرافیے، قومیت یا سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر رپورٹ کریں۔

قارئین کرام! دہشت گردی کی کوئی قومیت، مذہب یا سرحد نہیں ہوتی اور نہ ہی اس کے متاثرین کی جانوں کی قدر مختلف ہونی چاہیے۔ اگر عالمی صحافت واقعی غیر جانبداری، انسانی وقار اور پیشہ ورانہ دیانت کی علمبردار ہے تو اسے ہر خطے میں دہشت گردی کے متاثرین کے لیے یکساں حساسیت، یکساں اخلاقی معیار اور یکساں صحافتی اصول اختیار کرنے ہوں گے۔ یہی طرزِ عمل نہ صرف صحافت کی ساکھ کو مضبوط کرے گا بلکہ دہشت گردی کے خلاف عالمی بیانیے کو بھی زیادہ مؤثر، منصفانہ اور قابلِ اعتماد بنائے گا۔

شوبز SHOWBIZ

محرم الحرام کی مناسبت سے محفل مسالمہ، سوز وسلام 3 جولائی کو منعقد ہوگی

لاہور (این این آئی) انٹیلیکچول کلچرل ایسوسی ایشن اور پنجاب انسٹیٹیوٹ آف لینگویج، آرٹ اینڈ کلچر (پلاک) کے اشتراک سے محرم الحرام کی مناسبت سے محفل مسالمہ، سوز وسلام 3 جولائی کو منعقد ہوگی۔ تقریب پلاک ہال نمبر 2، پنجابی کمپلیکس، قذافی اسٹیڈیم، فیروزپور روڈ لاہور میں شام 6 بجے شروع ہوگی۔ محفل میں نامور شعرا اور معروف گلوکار حضرت امام حسین کی بارگاہ میں منظوم نذرانِ عقیدت پیش کریں گے۔ تقریب کا مقصد واقعۂ کربلا کے پیغام کو اجاگر کرنا اور شہدائے کربلا کو خراجِ عقیدت پیش کرنا ہے۔

عالم لوہار کی 47ویں برسی 3 جولائی کو منائی جائیگی

فنی خدمات پر انہیں پرائیڈ آف پرفارمنس سمیت کئی ایوارڈز سے نوازا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف لوک گلوکار محمد عالم لوہار 47ویں برسی 3 جولائی کو منائی جائے گی۔ عالم لوہار یکم مارچ 1928 کو گجرات کے نواحی گاؤں اچھ میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے تھیٹر کی دنیا سے اپنی گلوکاری کا آغاز کیا اور ہیر وارث کو 36 مختلف انداز میں گایا۔ عالم لوہار کو گانے کی صنف جگنی کا موجد بھی سمجھا جاتا ہے۔ ان کی خاص پہچان ان کا چمٹا تھا اور انہوں نے چمٹے کو بطور میوزک انسٹرومنٹ استعمال کیا اور اس ساز کو ایک نئی جہت دی۔ عالم لوہار اپنے مخصوص انداز اور آواز کی بدولت بہت جلد عوام میں مقبول ہو گئے۔ ان کی گائی ہوئی جگنی آج بھی لوک موسیقی کا حصہ ہے۔

یوسف خان المعروف دلیپ کمار کی برسی 7 جولائی کو منائی جائے گی

ممبئی (این این آئی) شہنشاہ جذبات یوسف خان المعروف دلیپ کمار کی برسی 7 جولائی کو منائی جائے گی۔ وہ تقسیم ہند سے قبل پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں 11 دسمبر 1922 کو پیدا ہوئے، ان کا اصل نام یوسف خان تھا اور انہوں نے 1944 میں 22 سال کی عمر میں فلم جوار بھاٹا سے فلمی دنیا میں قدم رکھا تھا۔ دلیپ کمار، انداز، داغ، رام اور شام، نیا دور، مدھومتی دیوداس اور آدمی جیسی کئی سپر ہٹ فلموں کا حصہ رہے تھے۔ دلیپ کمار کو حکومت پاکستان نے نشان امتیاز سے نوازا اور اس وقت کے صدر محمد رفیق تارڑ نے ایوارڈ سے نوازا تھا۔

بھارتی ریئلٹی شو میں سجاد علی کا گانا نشر، سوشل میڈیا پر ہلچل

سجاد علی کا مقبول گیت راوی گائے جانے کے بعد سوشل میڈیا پر نئی بحث چھڑ گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان کے نامور گلوکار سجاد علی ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئے، تاہم اس بار وجہ ان کا کوئی نیا گانا نہیں بلکہ بھارتی ریئلٹی شو میں ان کا مشہور گیت راوی کا پیش ہونا ہے، جس کے بعد سوشل میڈیا پر مختلف سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ سجاد علی گزشتہ 4 دہائیوں سے اپنی منفرد آواز اور لازوال گیتوں کے باعث موسیقی کے شائقین کے دلوں پر راج کر رہے ہیں، بابیا سے لے کر راوی تک ان کے کئی گانے بے حد مقبول ہوئے اور آج بھی سامعین میں یکساں پسند کیے جاتے ہیں۔ ماضی میں سجاد علی اس وقت بھی خبروں میں آئے تھے جب انہوں نے پاکستانی ریئلٹی شو پاکستان آئیڈل میں اپنے گانوں کے استعمال کی اجازت دینے سے انکار کر دیا تھا۔

اداکار پرکاش راج کا کاکروچ جنتا پارٹی سے اظہار یکجہتی

بالی ووڈ فلموں کے معروف اداکار نے وزیراعظم مودی پر طنز کے تیر برسا دیئے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ فلموں کے معروف اداکار پرکاش راج نے بھارت کی ابھرتی ہوئی جین زی پارٹی کاکروچ جنتا پارٹی سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی پر طنز کے تیر برسا دیے، انہوں نے ایک مقامی چائے والے کو چائے کمپنی کیلئے خطرہ قرار دے دیا۔ کاکروچ جنتا پارٹی کے بانی ابھیجیت دیپکے نے سوشل میڈیا پر پوسٹ شیئر کرتے ہوئے کہا کہ ایک چھوٹے کاروباری انکیت پاٹل، جو جنتر منتر پر مظاہرین کو چائے فراہم کر رہے تھے، ان کے گھر اور گودام پر دہلی پولیس نے جا کر پوچھ گچھ کی۔

براڈ کاسٹر، مصنف وہدایت کار آغا ناصر کی دسویں برسی 12 جولائی کو منائی جائے گی

کراچی (این این آئی) معروف براڈ کاسٹر، مصنف وہدایت کار آغا ناصر کی دسویں برسی 12 جولائی کو منائی جائے گی۔ وہ 9 فروری 1937 میں میرٹھ کے قصبے فرید نگر میں پیدا ہوئے۔ بی اے کا امتحان سندھ مسلم کالج سے پاس کیا اور تاریخ میں ایم اے کی ڈگری جامعہ کراچی سے حاصل کی۔ انھوں نے اپنے کریئر کا آغاز 1955 میں ریڈیو پاکستان میں بحیثیت براڈ کاسٹر کیا تھا اور بعد ازاں وہ ادارے کے ڈائریکٹر جنرل کے عہدے پر بھی فائز رہے۔ 1964 میں وہ پی ٹی وی سے منسلک ہو گئے اور یہاں بطور ہدایتکار اور پروڈیوسر کام کیا۔ آغا ناصر کچھ عرصہ کے لیے پی ٹی وی کے مینجنگ ڈائریکٹر کے طور پر بھی فرائض سرانجام دیے۔ آغا ناصر کی ایک تخلیق تعلیم بالغاں کو پی ٹی وی پر نشر کیے جانے والے بہترین ڈراموں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ انھوں نے کئی فلموں میں ہدایت کاری بھی کی جن میں وحید مراد اور طلعت اقبال جیسے اداکاروں نے کام کیا تھا۔ آغا ناصر ایک اچھے مصنف بھی تھے انھوں نے کل چھ کتب بھی تحریر کیں اور ان کی ثقافت پر تحریروں کو کافی پسند کیا گیا۔

میں اپنے بچوں کو وہی سکھاتا ہوں جو مجھے میری ماں نے سکھایا تھا

میرے بچے نماز پڑھیں گے، دیوالی اور کرسمس بھی منائیں گے، سیف علی خان

لندن (این این آئی) بالی وڈ کے نواب سیف علی خان نے انکشاف کیا ہے کہ میں اپنے بیٹوں تیمور علی خان اور جہانگیر علی خان کے ساتھ مذہب پر کھل کر گفتگو کرتا ہوں اور انہیں وہی سکھاتا ہوں جو مجھے میری ماں نے سکھایا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق لندن میں ایک تقریب کے دوران گفتگو کرتے ہوئے سیف علی خان نے بتایا کہ میں زیادہ مذہبی نہیں ہوں لیکن میری ماں نے جو مجھے سکھایا میں نے اپنے بچوں کو بھی وہی سکھایا ہے کہ خدا ایک ہے۔ سیف علی خان کے مطابق میں نے ایسے تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کی جہاں مختلف مذاہب کی تعلیمات اور تہواروں کا احترام کیا جاتا تھا، میں ایسے اسکولوں میں پڑھا جہاں دن کا آغاز چرچ میں عبادت سے ہوتا تھا، میں نے ایک بار یہ کہہ کر بچنے کی کوشش کی کہ میرا مذہب مختلف ہے، لیکن پھر ہمارے لیے ایک مولوی صاحب کو بلا لیا گیا، اس لیے وہ بہانہ بھی کام نہ آیا۔ سیف کا کہنا تھا کہ میرے بچے نماز پڑھیں گے، اسی طرح دوسرے مذاہب کی عبادات میں بھی شریک ہونگے اور دیوالی کی طرح کرسمس بھی منائیں گے۔ یاد رہے کہ سیف علی خان نے دو مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والی اداکاراں سے شادیاں کیں، سیف اور کرینہ کپور کی شادی 2012 میں ہوئی تھی، اداکار سیف علی خان کی عمر 53 برس جب کہ کرینہ 44 برس کی ہیں، جوڑے کے ہاں دو بچے تیمور علی خان اور جہانگیر علی خان ہیں۔ اس سے قبل سیف نے 1991 میں اداکارہ امریتا سنگھ سے شادی کی تھی، امریتا سیف سے 13 سال بڑی تھیں، ان کے دو بچے اداکارہ سارہ علی خان اور ابراہیم علی خان ہیں تاہم سیف اور امریتا سنگھ کے درمیان 2004 میں طلاق ہو گئی تھی۔

ممتاز شاعر سیف الدین سیف کی 33ویں برسی 12 جولائی کو منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) اردو کے ممتاز شاعر سیف الدین سیف کی 33ویں برسی 12 جولائی کو منائی جائے گی۔ سیف الدین سیف 20 مارچ 1922 کو کوچہ کشمیریاں امرتسر کے ایک معزز اور ادبی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ان کے آباؤ اجداد کشمیر سے ہجرت کر کے امرتسر میں آباد ہوئے تھے۔ والد کا نام خواجہ معراج دین تھا جو ایک نیک صفت اور درویش منش آدمی تھے۔ سیف الدین سیف کی عمر جب ڈھائی برس ہوئی تو والدہ کا انتقال ہو گیا۔ ان کا بچپن امرتسر کی گلیوں میں گزرا۔ ابتدائی تعلیم مسلم ہائی سکول امرتسر سے حاصل کی لیکن میٹرک کا امتحان بطور پرائیویٹ امیدوار اچھے نمبروں سے پاس کیا۔ پھر ایم اے او کالج امرتسر میں داخل ہو گئے۔ یہاں پر کالج پرنسپل ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر اور انگریزی لیکچرار فیض احمد فیض کی قربت نے علمی و ادبی ذوق پیدا کیا۔ سیف الدین سیف ایف اے کرنے کے بعد تعلیم جاری نہ رکھ سکے اور فلمی دنیا کے چند لوگوں کے کہنے پر فلمی کہانیاں لکھنے لگے۔ قیام پاکستان کے بعد ہجرت کر کے لاہور کی فلمی دنیا سے وابستہ ہو گئے۔

سپورٹس SPORTS

بھارتی کرکٹ ٹیم کا دورہ بنگلا دیش کا امکان، تیاریاں شروع

تاہم دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی کے باعث ملتوی کر دیا گیا تھا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کا 2026 میں وائٹ بال سیریز کے لیے بنگلا دیش کا دورہ کرنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے، جس کے لیے بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے ابتدائی تیاریاں بھی شروع کر دی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے 2026 اور 2027 کی ہوم بین الاقوامی سیریز کے ٹی وی اور ڈیجیٹل نشریاتی حقوق کی فروخت کے لیے پیشکشیں طلب کر لی ہیں جن میں بھارت کے خلاف مجوزہ سیریز بھی شامل ہے۔ رپورٹس کے مطابق بھارت کا بنگلا دیش کا یہ دورہ گزشتہ برس ہونا تھا، تاہم دونوں ممالک کے درمیان سفارتی کشیدگی کے باعث اسے ملتوی کر دیا گیا تھا۔ مجوزہ شیڈول کے تحت دونوں ٹیموں کے درمیان تین ایک روزہ اور تین ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچز کھیلے جانے کا امکان ہے، تاہم دونوں ممالک کے کرکٹ بورڈز کی جانب سے تاحال اس حوالے سے کوئی باضابطہ اعلان یا تصدیق نہیں کی گئی۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا کہ بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے 2027 میں پاکستان کے خلاف شیڈول پانچ ایک روزہ میچوں کی ہوم سیریز کے نشریاتی حقوق کے لیے بھی پیشکشیں طلب کر لی ہیں۔

آئی سی سی ٹی 20 رینکنگ: ابرار احمد دنیا کے دوسرے بہترین بولر بن گئے

اوپنر صاحبزادہ فرحان 848 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر موجود ہیں

دبئی (این این آئی) آئی سی سی کی تازہ ترین ٹی ٹوئنٹی رینکنگ میں پاکستان کے لیگ اسپنر ابرار احمد ایک درجہ ترقی پا کر دنیا کے دوسرے بہترین بولر بن گئے۔ بدھ کو جاری ہونے والی رینکنگ کے مطابق ابرار احمد نے بھارت کے ورون چکرورتی کو پیچھے چھوڑتے ہوئے 736 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کر لی جبکہ افغانستان کے راشد خان 753 پوائنٹس کے ساتھ بدستور پہلے نمبر پر موجود ہیں۔ پاکستان کے دیگر بولرز میں محمد نواز 21ویں، سلمان مرزا 20ویں اور شاہین شاہ آفریدی 26 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ 30ویں نمبر پر برقرار ہیں۔ ٹی ٹوئنٹی بیٹنگ رینکنگ میں پاکستان کے اوپنر صاحبزادہ فرحان 848 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر موجود ہیں اور وہ پاکستان کے سب سے زیادہ درجہ بندی رکھنے والے بیٹر ہیں۔ بھارت کے ایشان کشن دوبارہ پہلے نمبر پر آ گئے ہیں جبکہ ان کے ہم وطن ابھیشیک شرما ایک درجہ تنزلی کے بعد دوسرے نمبر پر چلے گئے ہیں۔ پاکستان کے دیگر بلے بازوں میں صائم ایوب 40ویں، بابر اعظم 42ویں اور ٹی ٹوئنٹی کپتان سلمان علی آغا 44ویں نمبر پر ہیں۔ ٹی ٹوئنٹی آل راؤنڈرز کی رینکنگ میں صائم ایوب تیسرے نمبر پر برقرار ہیں جبکہ زمبابوے کے سکندر رضا پہلے اور بھارت کے ہارڈک پانڈیا دوسرے نمبر پر موجود ہیں۔ ٹیسٹ بیٹنگ رینکنگ میں محمد رضوان ایک درجہ ترقی کے بعد 18ویں اور بابر اعظم 19ویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ سعود شکیل 23ویں نمبر پر برقرار ہیں، جبکہ سلمان علی آغا دو درجے تنزلی کے بعد 28ویں نمبر پر آ گئے ہیں۔

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام پنجاب سٹیڈیم میں سی ایم پنجاب انٹر ڈویژن کبڈی چیمپئن شپ 2026ء کے دوسرے روز کبڈی کے مقابلے کا منظر۔ (فوٹو: این این آئی)

ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زونل انتخابات مکمل ہو گئے

ندیم عمر پینل کو 7 میں سے 5 زون میں واضح ترین سبقت مل گئی

کراچی (این این آئی) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زونل انتخابات مکمل ہو گئے، ندیم عمر پینل کو 7 میں سے 5 زون میں واضح ترین سبقت مل گئی۔ پی سی بی کے ڈپٹی الیکشن کمشنر سہیل پرویز قریشی کی زیر نگرانی نیشنل بنک اسٹیڈیم میں بدھ کو زون 7 کے انتخابات میں مظہر اعوان گروپ کے عبدالروف صدر، سیف اللہ خان سیکریٹری اور زیب اقبال خان منتخب ہوئے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ ندیم عمر چار زون 1، زون 3، زون 5 اور زون 6 میں بلا مقابلہ اور زون 4 میں واضح اکثریت حاصل کر چکے ہیں، زون 2 کے انتخابات میں جمیل احمد گروپ کو کامیابی ملی۔ نتائج کی روشنی میں قوی امکان ہے کہ ندیم عمر ایک مرتبہ پھر ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہو جائیں گے۔

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، آسٹریلیا آٹھویں مرتبہ فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا

اوول (این این آئی) آئی سی سی ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ کے پہلے سیمی فائنل میں آسٹریلیا ویمن نے ویسٹ انڈیز ویمن کو 8 وکٹوں سے شکست دے کر آٹھویں مرتبہ فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا، ایشلی گارڈنر میچ کی بہترین کھلاڑی قرار پائیں۔ اوول کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل میں آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ویسٹ انڈیز ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 125 رنز بنائے۔ ویسٹ انڈین کپتان ہیلی میتھیوز 30، ڈینڈرا ڈوٹن 26، شیمین کیمبل 22، کیانہ جوزف 16 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہیں۔ آسٹریلیا کی جانب سے صوفی مولینیکس، ایشلے گارڈنر، جارجیا ویرہیم نے دو دو اور اینابیل سدرلینڈ نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ آسٹریلیا ٹیم نے 126 رنز کا ہدف 13 ویں اوور میں صرف 2 وکٹیں گنوا کر حاصل کر لیا۔ بیتھ مونی نے 61 اور ایشلے گارڈنر نے 35 رنز کی ناقابلِ شکست اننگز کھیلیں۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے شنیل ہینری اور ہیلے میتھیوز نے ایک ایک وکٹ لی۔

ویمن انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی سیریز: پاکستان نے ممکنہ اسکواڈ کی تیاریاں شروع کر دیں

کراچی (این این آئی) پہلی مرتبہ پاکستان کے دورے پر آنے والی جنوبی افریقہ کے خلاف ویمن انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے پاکستان کی ممکنہ کھلاڑیوں کا تربیتی کیمپ کا آغاز ہو گیا۔ بدھ سے حنیف محمد ریجنل کرکٹ اکیڈمی، نیشنل بنک اسٹیڈیم پر شروع ہونے والے کیمپ میں 20 کھلاڑیوں کو مدعو کیا گیا ہے، پہلے روز کیمپ کمانڈنٹ محمد مسرور کی زیر نگرانی جسمانی ورزشوں کے بعد بولنگ اور بیٹنگ کے نیٹ پریکٹس سیشن ہوئے۔ کیمپ کے دوران 5 میچز پر مشتمل سیریز کے لیے پاکستان کی 15 رکنی اسکواڈ کا انتخاب عمل میں لایا جائیگا، قومی جونیئر ویمن سلیکشن کمیٹی سابق ٹیسٹ کرکٹر اسد شفیق، سابق انٹرنیشنل ویمن کرکٹر بتول فاطمہ اور قومی ویمن جونیئر ٹیم کے ہیڈ کوچ محمد مسرور پر مشتمل ہے۔ کیمپ میں مدعو 20 کھلاڑیوں میں الزوہا حماد، اقصیٰ حبیب، عریشہ انصاری، بریرہ سیف، فضا فیاض، ہادیہ مینا، کومل خان، ماہم نزاکت، ماہ نور اقبال اور ماہر نور زیب، ملائکہ سہانی، میمونہ خالد، پاکیزہ شبیر، راحمہ سید، روائل فرحان، روزینہ اکرم، سمیہ افسر، شہر بانو، زینب خانم اور ذوفشاں ایاز شامل ہیں۔ یاد رہے کہ 14 جولائی سے شروع ہونے والی سیریز میں شرکت کے لیے مہمان ٹیم 10 جولائی کو کراچی پہنچ رہی ہے۔

ABC Certified | MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی

تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

ترقیاتی سرگرمیوں کو تیز کرنے، الاٹیز کے مسائل حل کرنے، بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے اور منصوبے کی جلد تکمیل کے لیے مسلسل اجلاسوں، فیلڈ وزٹس اور انتظامی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ترقیاتی کاموں کی رفتار کو برقرار رکھنے اور دیانت دار الاٹیز کے حقوق کے تحفظ کے لیے اتھارٹی نادہندگان کے خلاف سخت ترین قانونی کاروائی کا تسلسل جاری رکھے ہوئے ہے۔جس طرح اس سے قبل پہلے مرحلے میں سال 2016 سے مالی ذمہ داریاں پوری نہ کرنے والے نادہندگان کے خلاف سخت ایکشن لیتے ہوئے چھے (6) پلاٹس کی الاٹمنٹ اور ممبرشپ منسوخ کی گئی تھی، بالکل اسی مثال کو برقرار رکھتے ہوئے اب ایک اور بڑی کاروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ہاؤسنگ اتھارٹی کے ایگزیکٹو بورڈ کی ہدایات پر قائم خصوصی کمیٹی کی اسکروٹنی اور سفارشات کے بعد، واجب الادا اقساط جمع نہ کروانے والے مزید تیرہ (13) الاٹیز کے پلاٹس بھی فوری طور پر منسوخ کر دیئے گئے ہیں۔یہ فیصلہ مکمل شفافیت، میرٹ اور مروجہ قوانین کے مطابق کیا گیا ہے تاکہ منصوبے کی ترقی میں حائل مالی رکاوٹوں کو دور کیا جا سکے۔ہاؤسنگ اتھارٹی کی جانب سے تمام الاٹیز کو ایک بار پھر واضح الفاظ میں آگاہ کیا جاتا ہے کہ خصوصی کمیٹی کی جانب سے ریکارڈ کی اسکروٹنی (Scrutiny) کا یہ عمل اب بھی مسلسل جاری ہے۔ایسے تمام الاٹیز جو بار بار مواقع فراہم کیے جانے کے باوجود اپنی دیرینہ واجب الادا اقساط اور بقایاجات جمع نہیں کروا رہے، انہیں مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر انہوں نے فوراً اپنی مالی ذمہ داریاں پوری نہ کیں تو ان کے پلاٹس بھی بغیر کسی مزید مہلت کے فوری طور پر منسوخ کر دیے جائیں گے اور ان کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی کی جائے گی۔اتھارٹی کی قیادت اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ سیکٹر F-14 اور F-15 کو جدید شہری تقاضوں کے مطابق ایک ماحول دوست (Environment-Friendly)/Climate Resilient، پائیدار اور مثالی رہائشی منصوبہ بنایا جائے گا، جہاں شہریوں کو بہترین رہائشی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔منصوبے کی بروقت تکمیل اور الاٹیز کو جلد از جلد پلاٹس کی فراہمی اتھارٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے ۔ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی اس موقع پر ان تمام الاٹیز کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہے جنہوں نے اپنی واجب الادا اقساط بروقت جمع کروائیں اور منصوبے کی ترقی میں بھرپور تعاون کیا۔ان ذمہ دار الاٹیز کے تعاون سے ترقیاتی کاموں کی رفتار کو برقرار رکھنے میں نمایاں مدد ملی ہے۔اتھارٹی اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ تمام انتظامی و ترقیاتی امور میں شفافیت، میرٹ اور عوامی مفاد کو مقدم رکھا جائے گا اور سیکٹر F-14 اور F-15 کو جلد از جلد مکمل کرکے الاٹیز کے خوابوں کو حقیقت میں بدلا جائے گا۔

بقیہ 2

گیا۔ چھ ہفتوں کے اس تربیتی پروگرام میں 140 سے 150 تربیتی گھنٹے شامل تھے، جو 6.9 ملین کی لاگت سے دو مراحل میں مکمل کیا گیا۔اسلام آباد، پاکستان [1 جولائی 2026]: وزارتِ انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن کے زیرِ سایہ پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ (PSEB) نے نیشنل انکیوبیشن سینٹر (NIC) اسلام آباد میں 'US (SLED) پروکیورمنٹ ٹریننگ پروگرام' کی اختتامی تقریب کی میزبانی کی۔اس پروگرام کو اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل (SIFC) کی حمایت حاصل تھی اور اسے ریڈ مارکر سسٹمز (RedMarker Systems) کے اشتراک سے کولیب پی (Collab P) نے سرانجام دیا۔امریکہ کی اسٹیٹ، لوکل اور ایجوکیشن (SLED) مارکیٹ عالمی سطح پر سب سے بڑے پروکیورمنٹ (خریداری) ایکو سسٹمز میں سے ایک ہے اور یہ پبلک سیکٹر میں سالانہ تخمیناً 1.85 ٹریلین امریکی ڈالر کی نمائندگی کرتی ہے۔اس میں 50 ریاستی حکومتیں، بلدیاتی ادارے، اسکول ڈسٹرکٹس، کالجز اور یونیورسٹیاں شامل ہیں، اور یہ 90,000 سے زائد غیر مرکزی پبلک سیکٹر اداروں تک پھیلی ہوئی ہے جو ہر سال 500,000 سے زیادہ درخواستیں (solicitations) جاری کرتے ہیں۔یہ پروگرام ان خدمات پر مرکوز ہے جو پاکستان فراہم کرسکتا ہے، جیسے کہ کلاؤڈ مائیگریشن، سائبر سیکورٹی ماڈرنائزیشن، اے آئی (AI) سے لیس سروس ڈیلیوری، ڈیٹا اینالیٹکس، منیجڈ آئی ٹی سروسز، ایجوکیشن ٹیکنالوجی، اور ڈیجیٹل ہیلتھ کیئر۔گریجویشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن محترمہ شزا فاطمہ خواجہ نے کہا: "وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کی روشنی میں، ہم نے اپنے تمام تربیتی پروگراموں پر نظر ثانی کی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ پروگراموں کی کامیابی کا دارومدار روزگار اور مارکیٹ تک براہ راست رسائی پر ہو، انہوں نے مزید کہا کہ مجھے یہ کہتے ہوئے فخر ہو رہا ہے کہ (PSEB) کے تعاون سے چلنے والا یہ SLED پروگرام امریکہ کے لیے ہماری برآمدات کی شرح نمو کو تیز کرے گا۔" یہ تربیتی پروگرام ایک سٹریٹیجک اقدام کے طور پر ڈیزائن کیا گیا ہے تاکہ پاکستان کی موجودہ صلاحیتوں اور امریکی مارکیٹ کی طلب کے درمیان فرق کو ختم کیا جا سکے، جس کا بنیادی مقصد ٹیلنٹ کو کانٹریکٹ (معاہدوں) کے لیے تیار کرنا ہے۔اسی سلسلے میں، وزارت آئی ٹی اور ٹیلی کام نے ایک پائلٹ ٹریننگ پروگرام شروع کیا جس کا مقصد پروکیورمنٹ کی تیاری کو مضبوط بنانا اور بین الاقوامی مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانا تھا۔چھ ہفتوں کے اس تربیتی پروگرام میں ہائبرڈ ماڈل (جو لرننگ مینجمنٹ سسٹم اور لائیو سیشنز پر مشتمل تھا) کے ذریعے 140 سے 150 تربیتی گھنٹے شامل تھے، جسے 6.9 ملین کی لاگت سے دو مراحل میں نافذ کیا گیا۔اصل پائلٹ پروجیکٹ سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ (PSEB) کے ایکو سسٹم سے 50 پروفیشنلز کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا، تاہم امیدواروں کی تعداد بڑھ کر 74 ہوگئی اور حکومت پر بغیر کسی اضافی لاگت کے ٹریننگ کنسورشیم کی جانب سے ان فرموں کو سپورٹ فراہم کی گئی۔ US SLED پروگرام کا مقصد بین الاقوامی مارکیٹوں کے ساتھ مضبوط تعلقات کو استوار کرکے پاکستان کے ایکسپورٹ ماڈل کو مضبوط بنانا ہے۔تربیت یافتہ کوہورٹ (بیچ) نے پہلے ہی 22.8 ملین امریکی ڈالر کی مجموعی آمدنی کے امکانات کے ساتھ ایک ایکسپورٹ پائپ لائن تیار کر لی ہے۔ (Collab P) کے CEO فرحان ایثار شاہ نے ریمارکس دیے کہ پروگرام کا اجرا براہ راست وفاقی وزیر برائے آئی ٹی اور ٹیلی کام کے پاکستان کے نوجوانوں کے لیے وژن کے تحت کیا گیا۔انہوں نے کہا: "دنیا کے سب سے بڑے پبلک پروکیورمنٹ ایکو سسٹم تک منظم رسائی پاکستان کے لیے ایک نیا ایکسپورٹ انجن ہے ۔ ہمارا مقصد پاکستانی کمپنیوں کو روایتی آؤٹ سورسنگ سے آگے بڑھا کر امریکی حکومت کی ہائی ویلیو سپلائی چینز میں مستقل شمولیت کے قابل بنانا ہے۔" پہلے کوہورٹ کی گریجویشن وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن اور (PSEB) کی جانب سے پاکستان کی ٹیکنالوجی انڈسٹری کے لیے نئی بین الاقوامی مارکیٹیں کھولنے کی مسلسل کوششوں کی عکاس ہے۔اس بنیاد پر آگے بڑھتے ہوئے ، PSEB اس طرح کے منظم راستوں کو وسعت دینا جاری رکھے گا، تاکہ پاکستانی آئی ٹی کمپنیوں کو دنیا بھر کی ہائی ویلیو پبلک سیکٹر مارکیٹوں میں مقابلہ کرنے کے لیے تیار کیا جا سکے۔

بقیہ 3

زہرہ اور محمد دانش کے ورثاء سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے منتہا زہرہ کے ورثا سے اظہارِ تعزیت و ہمدردی کیا، مرحومہ کے ایصالِ ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور متاثرہ خاندان کو یقین دلایا کہ حکومت پنجاب انہیں ہرگز تنہا نہیں چھوڑے گی۔اس موقع پر رانا بلال احمد نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ذاتی طور پر دونوں مقدمات کی لمحہ بہ لمحہ نگرانی کر رہی ہیں اور ان کی واضح ہدایت ہے کہ انصاف کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ تفتیش مکمل طور پر میرٹ، شفافیت اور غیر جانبداری کے اصولوں کے مطابق آگے بڑھائی جا رہی ہے، کسی بے گناہ کے ساتھ زیادتی نہیں ہونے دی جائے گی جبکہ جرم میں ملوث ہر کردار کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ایسے افسوسناک واقعات پورے معاشرے کے لیے باعثِ تشویش ہیں اور حکومت متاثرہ خاندانوں کو ہر قیمت پر انصاف فراہم کرے گی۔متاثرہ خاندانوں نے معاونِ خصوصی کو بتایا کہ انہیں تفتیشی عمل پر اعتماد ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈی پی او صہیب اشرف ذاتی طور پر مقدمات کی نگرانی کر رہے ہیں جبکہ پولیس اور تفتیشی ٹیمیں شبانہ روز محنت سے کام کر رہی ہیں۔ ورثاء نے امید ظاہر کی کہ حکومت پنجاب کی خصوصی توجہ کے باعث انہیں جلد انصاف ملے گا۔قبل ازیں معاونِ خصوصی برائے پبلک پراسیکیوشن رانا بلال احمد کی زیرِ صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں پراسیکیوٹر جنرل پنجاب فرہاد علی شاہ، ڈی پی او صہیب اشرف، ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر، متعلقہ پراسیکیوٹرز، تفتیشی افسران، فرانزک ماہرین اور انویسٹی گیشن ٹیموں نے شرکت کی۔اجلاس میں منتہا زہرہ اور محمد دانش مقدمات کی تفتیشی پیش رفت، فرانزک رپورٹس، شواہد، گواہوں کے بیانات، قانونی نکات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ معاون خصوصی نے ہدایت کی کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں تمام قانونی تقاضے بروقت مکمل کیے جائیں، تفتیش کے ہر مرحلے میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے اور پراسیکیوشن و پولیس کے درمیان مکمل ہم آہنگی برقرار رکھتے ہوئے مضبوط شواہد کے ساتھ مقدمات عدالت میں پیش کیے جائیں تاکہ ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق سزا دلائی جا سکے۔قبل ازیں پراسیکیوٹر جنرل پنجاب فرہاد علی شاہ نے تفتیشی افسران اور پراسیکیوشن ٹیم کے ساتھ مقدمات کے قانونی پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ شواہد اور قانونی دستاویزات کو مزید مضبوط بنایا جائے تاکہ عدالت میں مؤثر انداز میں مقدمات کی پیروی کی جا سکے۔بعد ازاں معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب رانا بلال احمد، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب فرہاد علی شاہ اور سیکرٹری پراسیکیوشن سلمان غنی نے ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوشن آفس سرگودھا کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہیں ضلع بھر میں زیر سماعت مقدمات، پراسیکیوشن کی مجموعی کارکردگی، دفتری امور اور جاری اصلاحاتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وفد نے پراسیکیوشن افسران سے ملاقات کی، ان کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا اور ہدایت کی کہ عوام کو بروقت اور معیاری انصاف کی فراہمی کے لیے پوری ذمہ داری، دیانت داری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ فرائض انجام دیے جائیں۔

بقیہ 4

خصوصی سرپرستی بھی حاصل رہے گی۔اس روحانی محفل کے بنیادی مقرر خصوصی حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ محمد فرحان مصطفائی صاحب (آف شورکوٹ) ہوں گے، جو سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی لازوال قربانیوں اور اسوۂ شبیری پر تفصیلی اور روح پرور خطاب فرمائیں گے۔محفل کا باقاعدہ آغاز جناب حافظ محمد اسد قادری صاحب کی تلاوت کلام پاک سے ہوگا۔ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت کے پھول نچھاور کرنے کے لیے ملک کے معروف نعت خوان جناب عمران ایوب قادری (آف لاہور) اور مظہر حسین تصدق گولڑوی (آف چک جھمرہ) ہدیۂ نعت بحضور سرورِ کائنات ﷺ پیش کریں گے۔تقریب میں نقابت کے فرائض جناب بلال نذیر سلطانی (آف شیخوپورہ) اور محمد طلحہ چشتی سیالوی سرانجام دیں گے ۔ انتظامیہ کمیٹی اور اہل علاقہ چک نمبر 140 ر۔ب مٹھیانوالہ کی جانب سے تمام عاشقانِ رسول ﷺ اور محبانِ اہل بیت کو اس نورانی محفل میں شرکت کی پرخلوص دعوت دی گئی ہے۔

بقیہ 5

میں تعلیمی برتری کو پروبینز کی انفراسٹرکچر، سہولیات اور مشترکہ تعلیمی اقدامات کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ہے تاکہ خطے بھر کے طلباء تک معیاری تعلیم پہنچائی جا سکے۔ایم او یو کے تحت طلباء اور اساتذہ کے لیے آن لائن کورسز اور کیپیسٹی بلڈنگ پروگرامز فراہم کرے گا۔ دونوں ادارے پروجیکٹ بیسڈ لرننگ، سرٹیفکیشن پروگرامز، فیکلٹی ڈویلپمنٹ اور حکومت یا ڈونر فنڈز پر بھی مل کر کام کریں گے ۔نیوٹیک اور پروبینز سکول سسٹم کے درمیان یہ ایم او یو تعلیمی برتری، جدت طرازی اور لائف لانگ لرننگ کو تعاون پر مبنی تعلیمی اقدامات کے ذریعے آگے بڑھانے کی مضبوط وابستگی کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 6

واسا راولپنڈی عزیز اللہ خان کی جانب سے مقرر کیا گیا تھا، جسے واسا کی ریونیو ٹیم نے بھرپور محنت، مربوط منصوبہ بندی اور دن رات کی مسلسل کاوشوں کے ذریعے مکمل کیا۔ذرائع کے مطابق ریکوری مہم کے دوران کارکردگی کی مسلسل نگرانی کی گئی جبکہ متعلقہ افسران کو مرحلہ وار ہدایات جاری کی جاتی رہیں تاکہ مقررہ ہدف ہر صورت حاصل کیا جا سکے۔ایم ڈی واسا راولپنڈی عزیز اللہ خان کا کہنا تھا کہ ادارے نے گزشتہ عرصے میں کمپلینٹ مینجمنٹ اور شہری شکایات کے بروقت ازالے کے نظام میں نمایاں بہتری لائی، جس کے نتیجے میں عوامی اعتماد میں اضافہ ہوا اور بلوں کی ادائیگی کا رجحان بھی بہتر ہوا۔انہوں نے کہا کہ مؤثر سروس ڈیلیوری اور شہری سہولت کو ترجیح دینا ادارے کی پالیسی کا حصہ ہے۔انہوں نے بتایا کہ خصوصاً جون کے مہینے میں ریونیو ڈائریکٹریٹ نے غیر معمولی محنت کا مظاہرہ کیا، یہاں تک کہ اتوار کے روز بھی دفاتر فعال رکھے گئے اور ریکوری مہم جاری رکھی گئی تاکہ مقررہ ہدف بروقت مکمل کیا جا سکے ۔ ایم ڈی واسا نے اس کامیابی کو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے ریونیو ڈائریکٹریٹ کی کارکردگی کو سراہا اور بالخصوص ڈائریکٹر ریونیو طاہر بشیر مرزا، ڈپٹی ڈائریکٹرز رانا شمس الرحمٰن اور اکمل یاسین سمیت تمام افسران و عملے کی شبانہ روز محنت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ واسا راولپنڈی شہریوں کو بہتر سہولیات، مؤثر سروس ڈیلیوری اور ادارے کے مالی استحکام کے لیے آئندہ بھی بھرپور اقدامات جاری رکھے گا۔

بقیہ 7

دوران اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف ایل پی جی دکانوں کا بھی معائنہ کیا۔ سرکاری نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے جرمانے عائد کیے گئے جبکہ متعدد دکانداروں کو سخت وارننگ جاری کی گئی کہ آئندہ سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر شاہ رخ نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور ناجائز منافع خوری، زائد کرایہ وصولی اور سرکاری احکامات کی خلاف ورزی میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کاروائی جاری رکھی جائے گی۔انہوں نے خبردار کیا کہ سرکاری نرخ ناموں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 8

کاروائی کے دوران مختلف دکانوں کا معائنہ کیا گیا، جہاں متعدد دکاندار ایل پی جی سلنڈرز اور گیس سرکاری نرخوں سے زیادہ قیمت پر فروخت کرتے ہوئے پائے گئے۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر زرار احمد خاصخیلی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مقرر کردہ نرخوں پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ناجائز منافع خوری کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی اور ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کاروائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ دکاندار سرکاری ریٹ لسٹ پر سختی سے عمل کریں، بصورت دیگر جرمانے ، دکانوں کی سیلنگ اور قانونی کاروائی سمیت سخت اقدامات کیے جائیں گے۔انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ سرکاری نرخوں سے زائد وصولی کی صورت میں فوری طور پر انتظامیہ کو آگاہ کریں۔

بقیہ 9

میں آج ہونے والی حالیہ میٹنگ نے انتظامیہ کے دہرے معیار کو بے نقاب کر دیا ہے۔ایک طرف غریب کا چولہا اجاڑ دیا گیا، تو دوسری طرف بااثر نجی بلڈنگ مالکان اور تاجروں کو یقین دہانی کرائی جا رہی ہے کہ ان کے نشان زدہ انفراسٹرکچر کو بچانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ کھلا دوہرا معیار ناقابل قبول ہے ۔ اگر قانون غریب کے کھوکھے اور سرکاری املاک کے لیے سخت ہوسکتا ہے، تو بااثر نجی املاک کے سامنے بے بس کیوں دکھائی دیتا ہے؟ انصاف کا تقاضا ہے کہ تجاوزات اور ترقیاتی کاموں کے نام پر آپریشن بلاامتیاز ہونا چاہیے، نہ کہ صرف کمزور کو نشانہ بنا کر اشرافیہ کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 10

بجارانی اور ایڈووکیٹ مہدی رضا سہریانی نے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ 24 اپریل 2026ء کو جمال تھانے کی حدود میں گیارہویں جماعت کے طالب علم عبدالقادر بجارانی اور عبدالرحیم بجارانی، ولد استاد نور محمد بجارانی، امتحان کا پرچہ دے کر واپس اپنے گھر جا رہے تھے کہ راستے میں تین نامعلوم مسلح افراد نے انہیں اسلحے کے زور پر روک لیا۔انہوں نے الزام لگایا کہ ملزمان دو موبائل فون، امتحانی سلپس، ایک موٹر سائیکل (ماڈل 2026) اور پانچ ہزار روپے نقد رقم چھین کر با آسانی فرار ہو گئے ۔پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ واقعے کے کئی روز گزرنے کے باوجود پولیس نہ تو ملزمان کو گرفتار کر سکی ہے اور نہ ہی چھینا گیا سامان برآمد کیا جا سکا ہے، جس سے متاثرہ خاندان میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں امن و امان کی صورتحال مسلسل خراب ہو رہی ہے اور ڈکیتی، رہزنی اور دیگر جرائم کی وارداتوں میں اضافہ تشویشناک ہے۔ایس یو پی ضلع صدر ظریت ساگر بجارانی نے الزام عائد کیا کہ ضلع میں رشوت ستانی نے پولیس کے نظام کو متاثر کر رکھا ہے، جس کے باعث جرائم پیشہ عناصر کھلے عام سرگرم ہیں۔انہوں نے ایس ایس پی کشمور سے مطالبہ کیا کہ مبینہ طور پر بدعنوانی میں ملوث پولیس اہلکاروں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔اس موقع پر ایڈووکیٹ مہدی رضا سہریانی نے ایک اور واردات کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ رات اے سیکشن تھانے کی حدود میں گریڈ اسٹیشن کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے انڈس فارما کمپنی کے ملازم وارث علی ملک اور ایڈووکیٹ باسط علی ملک سے موبائل فون اور نقد رقم چھین لی اور مزاحمت پر انہیں زخمی کر کے فرار ہو گئے۔انہوں نے کہا کہ ایسے مسلسل واقعات سے شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں اور پولیس کی کارکردگی پر سنگین سوالات جنم لے رہے ہیں پریس کانفرنس کے اختتام پر متاثرہ محمد رمضان بجارانی نے اعلان کیا کہ کل صبح 9 بجے شکارپور۔انڈس ہائی وے پر کرم پور تھانے کی حدود میں راجا غوث بخش بجارانی کے مقام پر احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ جب تک چھینی گئی موٹر سائیکل، موبائل فون اور دیگر سامان برآمد نہیں کیا جاتا اور ملزمان کو گرفتار نہیں کیا جاتا، احتجاج جاری رہے گا۔ایس یو پی ضلع صدر ظریت ساگر بجارانی اور ایڈووکیٹ مہدی رضا سہریانی نے بھی دھرنے میں شرکت کا اعلان کرتے ہوئے سول سوسائٹی، شہریوں، جمعیت علمائے اسلام، سیاسی وسماجی جماعتوں، وکلا برادری اور ایس یو پی کے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ کل ہونے والے احتجاجی دھرنے میں بھرپور شرکت کر کے متاثرہ خاندان سے اظہار یکجہتی کریں۔واضح رہے کہ خبر میں شامل الزامات متاثرہ فریق اور ایس یو پی رہنماؤں کی پریس کانفرنس پر مبنی ہیں، جبکہ خبر کی اشاعت تک پولیس کا مؤقف سامنے نہیں آ سکا تھا۔

بقیہ 11

کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی مفت ادویات کے اسٹاک کا جائزہ لیا۔انہوں نے مرکزِ صحت میں تعینات ڈاکٹروں اور دیگر پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری کا ریکارڈ بھی چیک کیا۔ڈپٹی کمشنر مری نے وہاں موجود زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے براہ راست گفتگو کی اور ان سے طبی عملے کے رویے اور سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے موقع پر موجود انتظامیہ کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ دور دراز اور پہاڑی علاقوں کے عوام کو صحت کی بہترین اور بروقت سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے اور صفائی ستھرائی کے معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے ۔بعد ازاں، ڈپٹی کمشنر مری نے باغ شہیداں مری کا دورہ کیا جہاں انہوں نے پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی (PHA) کے زیر اہتمام جاری ترقیاتی اسکیم کی پیشرفت کا تفصیلی مشاہدہ کیا۔موقع پر موجود انجینئرز اور پی ایچ اے کے حکام نے انہیں جاری منصوبے اور اس کی اہمیت پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ مری کی تاریخی اور سیاحتی حیثیت کے پیش نظر باغ شہیداں کی تزئین و آرائش میں ماحولیاتی حسن اور شجرکاری پر خصوصی توجہ دی جائے ۔انہوں نے زور دیا کہ اس ترقیاتی اسکیم کو مقررہ وقت کے اندر اعلیٰ ترین معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے تاکہ مری آنے والے سیاحوں اور مقامی شہریوں کو تفریح کی بہترین اور جدید سہولیات میسر آ سکیں۔دورے کے آخری اور اہم ترین مرحلے میں ڈپٹی کمشنر نے مال روڈ مری (مال والی سائیڈ) کا دورہ کیا اور وہاں ناجائز تجاوزات (Encroachment) کے خلاف جاری گرینڈ آپریشن کا موقع پر جائزہ لیا۔انہوں نے آپریشن کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو سخت احکامات جاری کیے کہ مال روڈ اور اس کے اطراف سے تجاوزات کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ پیدل چلنے والے سیاحوں اور مقامی لوگوں کے راستوں میں رکاوٹ بننے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کاروائی جاری رکھی جائے تاکہ مری کی رونق اور حسن کو برقرار رکھا جا سکے۔

بقیہ 12

کا قیام اتھارٹی کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے بتایا کہ رواں مالی سال میں تمام ضلعی ایجنسیاں شجرکاری کی خصوصی مہمات چلائیں گی تاکہ صوبے میں درختوں کی تعداد میں اضافہ کیا جا سکے۔ اس حوالے سے پی ایچ اے نے حال ہی میں درختوں کے تحفظ کے لیے نئے ضوابط بھی نافذ کیے ہیں۔

بقیہ 13

ہوگئے۔واقعے کے بعد علاقے میں کشیدگی پھیل گئی، جبکہ ورثا نے پولیس پر مخالف فریق کی مبینہ سرپرستی اور جانبداری کے سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ورثا کے مطابق زمین کے تنازع پر پہلے ہی مقدمہ درج تھا اور اس مقدمے میں نامزد افراد سیشن کورٹ سے ضمانت پر رہا تھے۔ان کا الزام ہے کہ بدھ کے روز علی نواز، مقصود احمد، منصور احمد، محبوب علی، اویس احمد، عاشق علی، عبدالمالک، ادب حسین، محمد عیسیٰ، گل حسن، رمیز، سرفراز اور سراج احمد بھیا مبینہ طور پر درانی مہر تھانے کے ایس ایچ او اور ریاض احمد ڈوگی، پولیس اہلکار عبدالوہاب ملک اور دیگر اہلکاروں کے ہمراہ مویشی ہانک کر لے جا رہے تھے۔ورثا کا کہنا ہے کہ جب محمد شریف بھیا اپنے بیٹے اور بھائی کے ساتھ مویشی واپس لینے کے لیے موقع پر پہنچے تو دونوں فریقین کے درمیان پہلے تلخ کلامی ہوئی، جو دیکھتے ہی دیکھتے پرتشدد جھگڑے میں تبدیل ہو گئی۔ان کے مطابق جھگڑے کے دوران لاٹھیوں سے تشدد کیا گیا، جس کے نتیجے میں محمد شریف بھیا شدید زخمی ہوئے اور موقع پر ہی دم توڑ گئے، جبکہ ادب بھیا اور خادم حسین زخمی ہو گئے واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش اور زخمیوں کو سول اسپتال کندھ کوٹ منتقل کیا، جہاں ضروری قانونی کاروائی اور زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی۔واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس کی فضا قائم ہو گئی، جبکہ پولیس نے مزید کشیدگی سے بچنے کے لیے علاقے میں اپنی موجودگی بڑھا دی۔سول اسپتال کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طفیل احمد بھیا اور محمد حسین بھیا نے الزام عائد کیا کہ ان کے عزیز کو پولیس نے مبینہ طور پر مخالف فریق سے مل کر قتل کرایا ہے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ درانی مہر تھانے کے ایس ایچ او اور بعض پولیس اہلکاروں نے مبینہ طور پر رشوت لے کر مخالفین کی معاونت کی، جس کے نتیجے میں ان کے خاندان کا ایک فرد جان کی بازی ہار گیا۔متاثرہ خاندان نے ایس ایس پی کشمور، ڈی آئی جی لاڑکانہ اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ، شفاف اور اعلیٰ سطح کی تحقیقات کرائی جائیں، ملوث افراد اور اگر کسی پولیس اہلکار کا کردار ثابت ہو تو اس کے خلاف بھی قانون کے مطابق سخت کاروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ متاثرہ خاندان کو فوری انصاف فراہم کیا جائے اور علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنایا جائے تاکہ آئندہ ایسے افسوسناک واقعات رونما نہ ہوں۔واضح رہے کہ خبر میں شامل پولیس پر ملی بھگت، رشوت اور قتل میں معاونت کے الزامات متاثرہ فریق کے دعوؤں پر مبنی ہیں۔خبر کی اشاعت تک درانی مہر تھانے ، ضلعی پولیس یا ایس ایس پی کشمور کی جانب سے ان الزامات پر کوئی باضابطہ مؤقف سامنے نہیں آیا تھا۔

بقیہ 14

بعد ازاں صلح اور دکان واپس کر دی گئی۔اب عابد بیگ اور اعظم بیگ کے خلاف اسلام آباد میں مقدمہ درج ہوا اور اسلام آباد پولیس نے چھاپہ مار کر سوا تین کلو زیورات، ایک کروڑ کے ہیرے، ایک کروڑ 20 لاکھ کی نقدی سمیت دونوں بھائی تاجروں کو گرفتار کر لیا اور مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 15

اور 15 خواتین اساتذہ کو بی ایس ٹی سے ای ایس ٹی عربی میں ترقی دے دی جنہوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر اظہر سہیل نیازی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ابوبکر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زنانہ ربعیہ اسلم کی کاوشوں کو سراہا اس موقع پر پروموشن اسسٹنٹ میاں انجم جمشید، فہد بخش سماجی کارکن جاوید اقبال کلیار نے ترقی پانے والی اساتذہ کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 16

مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سینئر پولیس افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں وفاقی دارالحکومت کی مجموعی سکیورٹی صورتحال، امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس میں شہر بھر میں نافذ سکیورٹی انتظامات، حساس مقامات کی حفاظت، اہم تنصیبات کی نگرانی، پٹرولنگ کے نظام، فوری ریسپانس میکانزم، بین الادارہ جاتی تعاون اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی غور کیا گیا، آئی جی اسلام آباد نے افسران کو ہدایت کی کہ موجودہ سکیورٹی چیلنجز کے پیش نظر تمام دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے سکیورٹی نظام کو مزید مضبوط اور فعال بنایا جائے، شہریوں کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ 17

کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 18

میں سے ایک شخص تنہائی کا شکار ہے جو نہ صرف جسمانی بلکہ ذہنی صحت پر بھی گہرے منفی اثرات ڈال رہی ہے۔ڈبلیو ایچ او کے مطابق، سماجی رابطے صرف خوشی کا ذریعہ نہیں بلکہ بہتر صحت اور طویل عمر کی ضمانت بھی ہیں، جن افراد کے قریبی سماجی تعلقات ہوتے ہیں، ان میں قبل از وقت موت کا خطرہ نمایاں طور پر کم ہوتا ہے۔رپورٹ میں خبردار کیا گیا کہ تنہائی سے دل کے امراض، ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس، فالج اور ذہنی دباؤ کے امکانات بڑھ جاتے ہیں، ایسے افراد جو تنہائی کا شکار ہوتے ہیں، ان میں قبل از وقت موت کا خطرہ دوگنا ہو جاتا ہے۔ڈبلیو ایچ او نے بتایا کہ اس وقت دنیا میں ہر سال اوسطاً 8 لاکھ 71 ہزار اموات ایسی ہیں جن کی ایک بڑی وجہ تنہائی ہے۔تنہائی کا سب سے زیادہ اثر نوجوانوں، معمر افراد اور کم آمدنی والے ممالک کے شہریوں پر پڑتا ہے۔اس وقت 13 سے 29 سال کے نوجوانوں میں تقریباً 20 فیصد تک تنہائی کا سامنا ہے اور کم آمدنی والے ممالک میں 24 فیصد لوگ شدید تنہائی محسوس کرتے ہیں، جب کہ ترقی یافتہ ممالک میں یہ شرح 11 فیصد ہے۔

بقیہ 19

ہیں، بعض دکانداروں نے پرانا سٹاک موجود ہونے اور نئی سپلائی نہ آنے کو جواز بناتے ہوئے 500 روپے کلو فروخت جاری رکھی۔حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی قیمت 67 روپے کمی سے 241 روپے 43 روپے مقرر کی گئی ہے تاہم دکانداروں کی جانب سے قیمتوں میں کمی نہیں کی جا رہی ۔شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب سے منافع خوری کرنے والے دکانداروں کے خلاف کریک ڈاؤن کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 20

مقرر کیا گیا ہے، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم، چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس محمد سرفراز ڈوگر، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، سینیٹر فاروق حمید نائیک، سینیٹر سید علی ظفر اور محمد احسن بھون کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔اسلام آباد ہائی کورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تقرری کے لیے بھی جسٹس سید حسن اظہر رضوی کو کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔کمیٹی میں چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم، چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس محمد سرفراز ڈوگر، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، سینیٹر فاروق حمید نائیک، سینیٹر سید علی ظفر اور محمد احسن بھون شامل ہیں۔سندھ ہائی کورٹ کے لیے تشکیل دی گئی انٹرویو کمیٹی کی سربراہی جسٹس عامر فاروق کریں گے، چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس ظفر احمد راجپوت، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، سینیٹر فاروق حمید نائیک، سینیٹر سید علی ظفر اور محمد احسن بھون کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔اسی طرح بلوچستان ہائی کورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تقرری کے لیے قائم کی گئی کمیٹی کے چیئرمین بھی جسٹس عامر فاروق ہوں گے۔کمیٹی میں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، سینیٹر فاروق حمید نائیک، سینیٹر سید علی ظفر اور محمد احسن بھون بطور ارکان شامل ہوں گے۔نوٹیفکیشن کے مطابق یہ کمیٹیاں متعلقہ ہائیکورٹس میں ایڈیشنل جج کی تقرری کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز لے کر اپنی سفارشات متعلقہ فورم کو ارسال کریں گی۔

بقیہ 21

کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے۔ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 22

نماز جنازہ پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی، پولیس کے سینئر افسران، جوانوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر اسلام آباد پولیس کے چاق و چوبند دستے نے مرحوم کو سلامی پیش کی، جبکہ آئی جی اسلام آباد نے پھولوں کی چادر چڑھائی، فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعا کی، اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے کانسٹیبل علی انور کی پیشہ ورانہ خدمات اور فرض شناسی کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا، آئی جی اسلام آباد نے مرحوم کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ اسلام آباد پولیس اس مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے اور مرحوم کے لواحقین کی فلاح و بہبود کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس کی جانب سے تمام قانونی، مالی اور فلاحی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا اور اہلخانہ کو کسی بھی مرحلے پر تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، نماز جنازہ کے اختتام پر مرحوم کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی اجتماعی دعا بھی کی گئی، جبکہ مرحوم کی جسد خاکی کو تدفین کیلئے پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ انکے آبائی علاقے روانہ کر دیا گیا۔

بقیہ 23

قبضے سے چوری شدہ 08 قیمتی موبائل فون اور نقدی برآمد کر لی۔ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے پمز ہسپتال کی پارکنگ اور دیگر مقامات پر چوری کی متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا، جبکہ ان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کامیاب کاروائی پر پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کاروائیاں مزید تیز کی جائیں اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، جرائم کے مؤثر سدباب اور دارالحکومت میں امن و امان کے قیام کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 24

ملاقات کی اور انہیں محرم الحرام کے دوران انتہائی الرٹ رہتے ہوئے اپنے فرائض پیشہ ورانہ انداز میں انجام دینے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے متعلقہ سینئر افسران کو ہدایت کی کہ امام بارگاہوں اور مجالس کے مقامات پر فول پروف سکیورٹی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، تمام سکیورٹی ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے، منتظمین کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے فوری اور مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے۔ڈی آئی جی اسلام آباد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محرم الحرام کے دوران شہریوں کے پرامن ماحول کو یقینی بنانے کیلئے اسلام آباد پولیس تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے تاکہ مذہبی اجتماعات محفوظ اور پرامن ماحول میں منعقد ہو سکیں۔

بقیہ 25

تھانہ کورال اور تھانہ ہمک پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 03 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 20 بوتل شراب، ایک گن، ایک کلاشنکوف اور ایک عدد خنجر برآمد کیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفرروان کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران 36 مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار 15" پر فوری اطلاع دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جا سکے۔

بقیہ 26

ضروری معلومات کا ریکارڈ مرتب کیا جائے گا جبکہ تین روز میں سروے مکمل کر کے جامع رپورٹ تیار کی جائے گی۔ایجوکیشن اتھارٹی کا کہنا ہے کہ رپورٹ کی بنیاد پر نجی ٹیوشن سینٹرز کی رجسٹریشن اور ریگولیشن کے لیے نئی پالیسی اور ضابطہ کار مرتب کیا جائے گا تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے۔سروے میں غیر محفوظ اور غیر رجسٹرڈ ٹیوشن سینٹرز کی نشاندہی بھی کی جائے گی جبکہ اس مقصد کے لیے زونل ہیڈز اور اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز (اے ای اوز) پر مشتمل خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جو تین روز کے اندر اپنا کام مکمل کریں گی۔ایجوکیشن اتھارٹی کے مطابق طلبہ کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں جبکہ شہر بھر میں نجی اکیڈمیز اور ٹیوشن سینٹرز کو باقاعدہ ریگولیٹ کرنے کی تیاری بھی شروع کر دی گئی ہے۔ڈائریکٹر کیوٹیکیشن ایجوکیشن اتھارٹی طارق محمود کا کہنا ہے کہ سروے کے نتائج کی روشنی میں آئندہ کے لیے مؤثر اور جامع ریگولیٹری نظام متعارف کرایا جائے گا۔دوسری جانب لاہور کی ضلعی انتظامیہ نے تمام غیر قانونی ٹیوشن سینٹرز کو بند کرنے کا حکم دیتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ بغیر اجازت گھروں کے کمرشل استعمال پر جرمانے ہوں گے۔

بقیہ 27

الحرام کے موقع پر صفائی ستھرائی کے تاریخی انتظامات کی گواہی پوری قوم دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ عیدالضحیٰ بونس سے متعلق چند مقامات پر بعض ورکرز نے یہ تحفظات ظاہر کئے تھے کہ شاید بونس کی ادائیگی نہیں کی جا رہی۔ ستھرا پنجاب کی انتظامیہ نے فوری طور پر معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے آج صبح ہی متعلقہ ورکرز سے مذاکرات کئے اور پالیسی کے مطابق بونس کی ادائیگی کی یقین دہانی کرائی، جس کے بعد یہ مسئلہ خوش اسلوبی سے حل کر لیا گیا۔اس وقت تمام صفائی آپریشنز بلاتعطل معمول کے مطابق جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ کا فلیگ شپ منصوبہ اور دنیا کا سب سے بڑا ویسٹ مینجمنٹ پروگرام ہے جس کے ذریعے تقریباً 1 لاکھ 80 ہزار خاندانوں کو روزگار فراہم کیا گیا ہے۔اس منصوبے میں کارکنوں کو کم از کم مقررہ اجرت کی ادائیگی، ان کی فلاح و بہبود اور محفوظ و بہتر ورکنگ ماحول کو حکومتی ترجیحات کے مطابق یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ ستھرا پنجاب منصوبے کی مکمل نگرانی ایک شفاف ڈیجیٹل سسٹم کے ذریعے کی جاتی ہے۔

بقیہ 28

فوری طور پر شہدا پیکیج کا اعلان کیا جائے جبکہ زخمی بچوں کو بہترین اور مفت طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔قرارداد میں لاہور کا یہ افسوسناک واقعہ انتظامی نگرانی پر بڑا سوالیہ نشان قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا گیا ہے کہ پنجاب بھر کے سکولوں، کالجوں اور ٹیوشن سینٹرز کا ہنگامی بنیادوں پر سیفٹی آڈٹ کرایا جائے۔مزید کہا گیا ہے کہ گلی محلوں میں قائم تمام ٹیوشن سینٹرز کی فٹنس جانچ یقینی بنائی جائے، نجی ٹیوشن سینٹرز اور اکیڈمیوں کی لازمی رجسٹریشن کی جائے اور ان کے انفراسٹرکچر کی باقاعدہ جانچ کے لیے قانون سازی بھی کی جائے۔

بقیہ 29

درمیان ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔وفاق اور تمام صوبائی کمیشنز کی سربراہان پر مشتمل گول میز کانفرنس کے انعقاد کی تجویز پر بھی غور کیا گیا۔ایڈووکیٹ روبینہ امان بروہی کی بی آئی ایس پی کی خواتین کی مالی شمولیت کے اقدامات کو سراہنے کا اظہار کیا گیا ۔ ایڈووکیٹ روبینہ امان بروہی نے کہا کہ ڈیجیٹل والٹ نظام کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانے کی کوششیں قابلِ تحسین ہیں۔انہوں نے کہا کہ سینیٹر روبینہ خالد کی قیادت میں بی آئی ایس پی خواتین کو جدید اور شفاف مالیاتی سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے ۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری اور مالی شمولیت کے فروغ کے لیے بین الادارہ جاتی تعاون ناگزیر ہے۔ ملاقات میں کہا گیا کہ بی آئی ایس پی اور خواتین کے حقوق کے اداروں کے مابین اشتراک سے مستحق خواتین کو مزید مؤثر سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی۔

بقیہ 30

تعداد میں متاثرہ خاندان کے گھر پہنچے اور واقعہ پر افسوس کا اظہار کیا۔

بقیہ 31

50 ہزار 300 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔حکام کے مطابق منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد 37 ہزار 600 کیوسک ہے، منگلا کے مقام سے دریائے جہلم میں پانی کا اخراج 38 ہزار 700 کیوسک ہے۔حکام کے مطابق چشمہ بیراج میں پانی کی آمد 2 لاکھ 5 ہزار کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 3 ہزار کیوسک ریکارڈ کی گئی۔ہیڈ مرالہ کے مقام پر دریائے چناب میں پانی کی آمد 63 ہزار 700 کیوسک ریکارڈ کی گئی۔حکام کے مطابق ہیڈ مرالہ سے چناب میں پانی کا اخراج 36 ہزار 900 کیوسک ہے۔

بقیہ 32

ہوئے کہا تھا کہ دنیا کے اس حصے میں کسی کو بھی پاکستان کے بنیادی مفادات بالخصوص اس کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے لیے چین کے عزم پر شک نہیں ہونا چاہیے،اس نشست کے تناظر میں دریائے سندھ کے آزادانہ بہاؤ پر پاکستانی عوام کے حق کو بھی مسلم سمجھا جانا چاہیے۔

بقیہ 33

کے مطابق ملاقات کے آغاز میں وفاقی وزیر نے محمد یحییٰ کو اقوام متحدہ میں اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل برائے انسانی امور اور ڈپٹی ایمرجنسی ریلیف کوآرڈینیٹر کے عہدے پر تقرری پر مبارکباد پیش کی۔انہوں نے پاکستان میں اقوام متحدہ کیساتھ ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر کی حیثیت سے ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے پاکستان کے ساتھ ان کے مسلسل تعاون کی بھی تعریف کی۔ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ اقوام متحدہ کی انسانی امداد سے متعلق خدمات اس ادارے کے سب سے اہم اور مؤثر کرداروں میں سے ایک ہیں۔

بقیہ 34

اور انتھک کاوشوں کا نتیجہ ہے۔بالخصوص رکن کسٹمز (آپریشنز) سید شکیل شاہ کی قیادت میں انٹیلی جنس پر مبنی کاروائیوں، اسمگلنگ کے خلاف مسلسل اقدامات، اور ملک بھر کی سرحدوں اور بندرگاہوں پر مؤثر نگرانی نے قومی محصولات کے تحفظ اور ملکی معیشت کو مستحکم بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔پاکستان کسٹمز نے درآمدات پر مجموعی ٹیکسوں کی مد میں 467 ارب روپے وصول کیے، جو گزشتہ سال جون میں وصول کیے گئے 350.3 ارب روپے کے مقابلے میں 33 فیصد اضافہ ہے، کسٹمز ڈیوٹی کی وصولی 158 ارب روپے رہی، جو جون 2025 میں وصول کیے گئے 127 ارب روپے کے مقابلے میں 24 فیصد زیادہ ہے، ٹیرف میں معقولیت (Tariff Rationalization) کے باوجود پاکستان کسٹمز نے 144 ارب روپے کے بلند ترین ماہانہ ہدف کے مقابلے میں 158 ارب روپے وصول کرکے ہدف کا 110 فیصد حاصل کیا۔مالی سال 2025-26 کے دوران درآمدات پر مجموعی ٹیکسوں کی وصولی 4,692 ارب روپے رہی، جو گزشتہ مالی سال کے 4,131 ارب روپے کے مقابلے میں 13.6 فیصد اضافہ ہے، کسٹمز ڈیوٹی کی مد میں 1,331 ارب روپے وصول کیے گئے،

بقیہ 35

مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران کیا گیا جس میں پبلک سروسز انٹرنیشنل ایشیا پیسفک کی ریجنل سیکرٹری کیٹ لیپن، رپورٹ کے مرکزی مصنف ایڈورڈ ملر، آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے صدر عبداللطیف نظامانی، سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین، چوہدری عبدالرحمٰن عاصی، لالا سلطان خان، رمضان خان اچکزئی، گوہر تاج، جاوید بلوچ، چوہدری سرفراز، ولی الرحمٰن اور دیگر مزدور رہنماؤں نے شرکت کی۔مزدور رہنماؤں نے اپنی بات کی تائید کے لیے، کم کے لیے زیادہ ادائیگی، پاکستان کے نجکاری شدہ بجلی کے شعبے میں ادائیگیاں اور منافع، کے عنوان سے تیار کی گئی ایک تحقیقی رپورٹ کا حوالہ دیا جو گزشتہ روز فریڈرک ایبرٹ شٹفٹنگ (FES) پاکستان کے زیر اہتمام قومی مزدور کانفرنس 2026 میں جاری کی گئی۔ رپورٹ پبلک سروسز انٹرنیشنل (PSI) اور فریڈرک ایبرٹ شٹفٹنگ (FES) کی مشترکہ کاوش سے تیار کی گئی جبکہ اسے سینٹر فار انٹرنیشنل کارپوریٹ ٹیکس اکاؤنٹیبلٹی اینڈ ریسرچ (CICTAR) نے مرتب کیا۔رپورٹ کے مطابق 2021 سے 2024 کے دوران پاور پرچیز ایگریمنٹس (PPAs) کے تحت آزاد بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں (IPPs) کو کی جانے والی ادائیگیاں دوگنا سے زیادہ بڑھ گئیں جبکہ گزشتہ دو برسوں میں ان ادائیگیوں کا 60 فیصد سے زائد حصہ کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں ادا کیا گیا۔

بقیہ 36

پنجاب حکومت نے 24 ہزار گرین ٹریکٹر، 10 لاکھ کی سبسڈی، 12 ہزار سپر سیڈرز اور 10 مزید ماڈل ایگری مالز پنجاب کے کسانوں کے لئے فراہم کیے ہیں۔صوبہ پنجاب ایک ملین کسان کارڈز کی فراہمی کے تاریخی ہدف کو 31 اگست 2026 تک مکمل کر لے گا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کسان کو کھاد مافیا سے مستقل تحفظ دیا، سوا دو سال سے ابتک یوریا کی قیمتیں کنٹرول میں ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت محکمہ زراعت کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں کسان کارڈ اور زرعی میکانائزیشن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ بین الاقوامی آڈٹ فرم KPMG کسان کارڈ کے اثرات کی رپورٹ 30 ستمبر تک پیش کرے گی اور وزیراعلیٰ پنجاب کے کسان کارڈ پروگرام کی عالمی سطح پر تشہیر کی جائے گی۔ اس موقع پر انٹرن شپ پروگرام کے اگلے مرحلے میں مزید 1500 ایگری گریجویٹس کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں ماڈل ایگری مالز کا ڈیزائن منظور، تصویری شواہد اور ماڈل پیش کر دیئے گئے۔صوبہ بھر میں 10 نئے اور جدید سہولیات سے لیس "ماڈل ایگری مالز" بنائے جائیں گے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تھل ٹرانسفارمیشن پروگرام کی منظوری دے دی ہے۔اجلاس میں تھل ریجن میں پانی ذخیرہ کرنے کے لیے 1000 تالاب اور آبپاشی سکیمیں متعارف کرانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تھل کے پسماندہ علاقوں میں 10,000 ایکڑ پر مالٹے کے باغات لگانے کی بھی منظوری دیدی ہے۔اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب میں اب تک 9 لاکھ کسان کارڈز جاری کیے جا چکے ہیں۔کسان کارڈ پروگرام میں مزید 50 ہزار کاشتکاروں کا اضافہ کر کے 10 لاکھ کے ہدف کو جلد پورا کیا جائیگا۔کسانوں کو اب تک 360 ارب روپے کے بلاسود قرضے جاری کیے جا چکے ہیں۔وزیراعلیٰ کسان کارڈ کے تحت دیئے گئے قرضوں کی ریکوری کی شرح 99 فیصد رہی۔اجلاس میں بتایا گیا کہ میکانائزیشن پروگرام کے تحت اب تک 280 جدید ترین زرعی مشینیں کاشتکاروں کو فراہم کی جا چکی ہیں۔اس موقع پر جون 2027 تک کسانوں کو مجموعی طور پر 2000 جدید زرعی مشینوں کی فراہمی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ جاری کردہ قرضوں کا 80 فیصد حصہ کسانوں نے کھادوں کی خریداری کے لیے استعمال کیا۔خریف کی فصل کے لیے 116 ارب کا قرضہ فراہم کیا گیا جس میں سے 62 ارب روپے استعمال ہو چکے ہیں۔خریف قرضوں کا 75 فیصد حصہ کاشتکاروں نے خالصتاً کھاد پر خرچ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہم نے کسان کو حقیقی معنوں میں ایمپاور کیا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب بھر میں تین مراحل کے دوران 34 ہزار گرین ٹریکٹرز تقسیم کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 37

پہلے ہی مکمل ہو چکا تھا۔ہسپتال میں دوران علاج اپنے ویڈیو بیان میں خاتون ٹیچر نے کہا کہ میں خود بھی ملبے کے نیچے آئی ہوں، میری اپنی بچی، میرے جیٹھ اور دیور کے بچے بھی ملبے کے نیچے دب گئے، میری اپنی بیٹی کو چوٹیں آئی ہیں، ان کی حالت کیسی ہے مجھے یہ بھی معلوم نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ سچ نہیں ہے کہ چھت پر کام ہو رہا تھا بلکہ یہ کام پہلے ہی ہو چکا تھا، میں نے چھت پکی کرائی ہے، مالی حالات ایسے نہیں تھے کہ ہم لینٹر ڈال سکتے، میرے شوہر گھر کے قریب فروٹ کی ریڑھی لگاتے ہیں جس سے دو، چار سو روپے بچت آتی ہے، میں خود گھر کا سسٹم چلاتی ہوں۔انہوں نے کہا کہ گھر میں بجلی نہ ہوتو میں بچوں کو گرمی کی وجہ سے چھٹی دیدیتی ہوں، یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ چھت پر کام ہو رہا ہو تو میں بچوں کو پڑھا رہی ہوتی، یہ قدرت کی طرف سے ہوا ہے۔خاتون نے روتے ہوئے کہا کہ یہ کیسے ہوا، سارے بچے کیسے ملبے کے نیچے آ گئے مجھے کچھ پتہ نہیں۔

بقیہ 38

ایف آئی آر کے متن کے مطابق چھت پر غفلت اور لاپرواہی کے باعث کام کرنے سے قیمتی جانیں کا ضیاع ہوا، ٹیوشن سینٹر کی چھت پر مرمتی کام جاری تھا، زیادہ وزن پڑنے سے چھت گر گئی، ملبے تلے دب کر 14 بچے جاں بحق ہوئے، چھت گرنے کے حادثے میں خاتون ٹیچر سمیت 7 بچے زخمی ہوئے۔ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کے مطابق پولیس نے مکان مالک سمیت 5 افراد کو حراست میں لے رکھا ہے، تفتیش مکمل ہونے پر ذمہ داروں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔واضح رہے کہ گزشتہ روز لاہور کے علاقے کاہنہ میں ٹیوشن سینٹر کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے میں 14 بچے جاں بحق جبکہ ٹیچر سمیت 7 زخمی ہوئے تھے۔ریسکیو حکام کے مطابق واقعے کی اطلاع شام 4 بج کر 45 منٹ پر ملی تھی، علاقہ مکینوں کے مطابق عمارت میں صبح کے اوقات میں سکول بھی چلتا تھا جبکہ بچے اکیڈمی میں ٹیوشن کیلئے موجود تھے۔پولیس کے مطابق ٹیوشن سینٹر کی بالائی منزل پر تعمیراتی کام جاری تھا، گراؤنڈ فلور پر بچے موجود تھے۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کاہنہ میں ٹیوشن سینٹر کی چھت گرنے کے واقعے میں زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت جاری کیں، واقعے کی فوری رپورٹ طلب کرتے ہوئے حادثے کے ذمہ داران کے تعین کا حکم بھی دیا ہے۔انہوں نے صوبائی وزراء کو امدادی کارروائیوں کی نگرانی کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 39

ہے تاہم اس وقت 72 غیر قانونی مقیم افراد مختلف ہولڈنگ پوائنٹس پر موجود ہیں، جن کی ڈی پورٹیشن کا عمل جاری ہے۔اعداد و شمار کے مطابق ڈی پورٹ کیے جانے والوں میں 14 ہزار سے زائد مرد، 7 ہزار 138 خواتین اور 14 ہزار 529 بچے شامل ہیں، ان میں 11 ہزار 47 رہائشی ثبوت رکھنے والے، 11 ہزار 135 افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز اور 13 ہزار 537 غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی شامل ہیں۔آئی جی پنجاب عبدالکریم نے صوبے بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر قانونی طور پر مقیم تمام افراد کے انخلا کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔پنجاب پولیس بین الاقوامی قوانین کے تحت غیر قانونی مقیم باشندوں کے انخلا کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

بقیہ 40

کی درخواست پر سماعت کی ۔درخواست میں وزیراعظم، چیئرمین سینیٹ سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے ۔عدالت نے درخواست کی مداخلت پر اظہار ناراضگی کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ بار بار مداخلت کریں گے تو آپ کو جرمانہ کر دیں گے، آپ آئندہ سماعت پر چیئرمین کی تقرری کے رولز پیش کریں۔درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ محسن نقوی کو آئین کے مطابق وزیر داخلہ بنایا گیا، سینیٹر کابینہ کے علاوہ کوئی دوسرا انتظامی عہدہ نہیں لے سکتا، چیئرمین سینیٹ نے بھی محسن نقوی کے پی سی بی سربراہ بننے پر کارروائی نہیں کی، وزیراعظم نے محسن نقوی کی چیئرمین پی سی بی کا غیر قانونی نوٹیفکیشن جاری کیا۔استدعا ہے کہ عدالت چیئرمین پی سی بی کی تقرری کالعدم قرار دے۔

بقیہ 41

خاندانوں کے ساتھ ہیں ۔مریم نواز شریف نے مجھے بتایا ہے کہ وہ مصمم ارادے کے ساتھ اس افسوسناک واقعہ کی شفاف اور غیر جانبدارانہ انکوائری کروا کر مجرمان کو قرار واقعی سزا دلوائیں گی ۔اللہ تعالیٰ بچوں کو جوار رحمت میں جگہ، زخمیوں کو کامل شفاء اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 42

روسی وزارت خارجہ سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ سرحدی علاقوں میں ہونے والے حالیہ واقعات افسوسناک ہیں، اسلام آباد اور کابل مسلح تصادم ختم کریں اور تمام متنازعہ امور کو سیاسی اور سفارتی طریقے سے حل کریں۔

بقیہ 43

لطیف، ایڈووکیٹ برہان الدین، بیرسٹر امرت شیخ، ایڈووکیٹ آفتاب ظفر نے دلائل پیش کیے۔تحریری فیصلہ میں لکھا گیا کہ عدالت یوٹیوبر عروب جتوئی کی قبل از گرفتاری ضمانت منظور کرتی ہے، ملزمہ کی 1 لاکھ مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کی جاتی ہے۔عدالت نے تحریری فیصلہ میں لکھا عروب جتوئی کا نام پہلے ایف آئی آر میں نہیں تھا، ملزم سعد الرحمان کی فرانزک رپورٹ آنے کے بعد مقدمے میں شامل کیا، این سی آئی اے کے جانب سے عروب جتوئی کے خلاف کوئی ثبوت یا درخواست گزار کا مخصوص کردار سامنے نہیں لایا گیا۔

بقیہ 44

کر دریا میں بہہ گئی۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے چاروں نوجوانوں کو بچا لیا۔ڈی ایس پی صداقت خان کے مطابق دریا میں بہہ جانے والی گاڑی کو نکالنے کے لیے امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 45

ابدی نمونہ ہے جو قیامت تک پوری انسانیت کے لیے مشعلِ راہ رہے گا،معاشرے میں امن، رواداری، انصاف، اتحادِ امت اور اعلیٰ اخلاق کے فروغ کے لیے اسوہ حسینیؑ کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بنانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

بقیہ 46

میں 409 سویلین اور 306 ماہی گیر شامل ہیں۔ذرائع کے مطابق نئی دہلی میں پاکستانی مشن کے سربراہ سعد وڑائچ نے یہ فہرستیں بھارتی حکومت کے حوالے کیں۔دوسری جانب پاکستان میں بھارتی مشن کی سربراہ گیتیکا شیر واستو نے قیدیوں کی فہرستیں پاکستان کو دیں۔سفارتی ذرائع کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ 2008 کے قونصلر رسائی معاہدے کے تحت باقاعدگی سے کیا جاتا ہے۔

بقیہ 47

پر استوار کرنے اور ریکارڈ ڈیجیٹلائزیشن کے لیے سپیکر ملک محمد احمد خان کے اقدامات انتہائی شاندار ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ بہترین قانون سازی اور ایوان کو انتہائی احسن اور مدبرانہ انداز میں چلانے پر سپیکر ملک محمد احمد خان کا کردار قابلِ فخر ہے۔ ہمارا واحد ہدف پنجاب کے ہر شہری تک ریلیف پہنچانا اور صوبے کو ترقی کی نئی بلندیوں پر لے جانا ہے۔عوامی خدمت کا جو سفر ہم نے شروع کیا ہے اس کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے گا۔

بقیہ 48

سپرد طارق محمود گل کو اے سی خوشاب، ثوبیہ فلک کو اے سی عارف والا جبکہ یہاں پر تعینات اے سی فیصل عمران کو او ایس ڈی بنا دیا گیا۔

بقیہ 49

کے مرکزی ترجمان شیخ وقاص اکرم نے لکھا کہ اللہ کا شکر ہے ڈاکٹر یاسمین راشد زندہ اور وہ کوٹ لکھپت جیل میں ہیں، انہیں عمران خان کے ساتھ کھڑے ہونے پر غیر قانونی حراست اور سخت سزاؤں کا سامنا ہے۔ڈاکٹر یاسمین راشد کے بارے میں پھیلائی جانے والی تمام خبریں جھوٹی ہیں اور ان کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔شیخ وقاص اکرم نے پی ٹی آئی کارکنان اور عوام سے اپیل کی کہ وہ ڈاکٹر یاسمین راشد کے حوالے سے کسی بھی قسم کی افواہ پر یقین نہ کریں کیونکہ یہ سب خبریں بے بنیاد ہیں۔یاد رہے کہ سماجی رابطوں کی سائٹس پر یہ خبر زیر گردش تھی کہ کوٹ لکھپت جیل میں قید پی ٹی آئی کی بزرگ رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد کی طبیعت اچانک خراب ہوئی جس کے بعد انہیں ہسپتال منتقل کیا گیا تو وہ دوران علاج خالق حقیقی سے جا ملیں۔

بقیہ 50

سفیر کو سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں خوش آمدید کہا۔ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا، چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے کہا کہ پاکستان اپنے برادر اسلامی ملک بحرین کیساتھ تعلقات کو انتہائی عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔بحرین کے سفیر نے کہا کہ پاکستان اور بحرین کے مابین گہرے تاریخی، ثقافتی و مذہبی لحاظ سے برادرانہ تعلقات قائم ہیں۔ملاقات میں بحرین کے سفیر نے دارالحکومت اسلام آباد کی خوبصورتی اور سرسبز و شادابی کو سراہا۔چیئرمین سی ڈی اے نے ملاقات کے دوران موسمیاتی تبدیلیوں سمیت مختلف اربن چیلنجز پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ دارالحکومت اسلام آباد کی خوبصورتی کو برقرار رکھنے کیلئے تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کیخلاف سی ڈی اے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔انہوں نے کہا کہ دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں میں آگاہی پیدا کی جا رہی ہے کہ وہ آبی گذرگاہوں پر ہر قسم کی تعمیرات سے اجتناب کریں۔ملاقات میں بحرین کے سفیر نے ڈپلومیٹک انکلیو میں بحرین کے سفارتخانہ کیلئے جگہ کے حصول کیلئے تبادلہ خیال کیا گیا۔چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ سی ڈی اے سفارتخانے کیلئے اراضی فراہم کرنے میں ہر ممکن تعاون کریگا۔ملاقات میں باہمی دلچسپی کے مزید شعبوں میں تعاون اور شہری سطح پر تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔

بقیہ 51

لاپتہ ہوا تھا۔پولیس نے بتایا کہ واقعہ کے بعد تھانہ بٹالہ کالونی میں نامعلوم افراد کے خلاف اغوا کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔پولیس کے مطابق مدرسے کے ہی دو طالب علموں عرفان اور ریحان نے کمرے کے اندر گلا دبا کر طالبعلم کو قتل کیا اور قتل کے بعد ملزمان نے لاش بوری میں ڈال کر سائیکل پر رکھ کر گندے نالے میں پھینک دی، جس کی سی سی ٹی وی ویڈیو بھی سامنے آئی ہے۔پولیس کے مطابق پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے جن سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 52

ہے جبکہ ڈیزل کی قیمت 6.63 درہم مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ 53

نہیں بلکہ سول سوسائٹی، علما، ریونیو حکام اور قانونی ماہرین بھی ان حقوق سے انحراف روکنے کے ذمے دار ہیں۔سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ وراثت خواتین کا شرعی اور قانونی حق ہے، انہیں اس حق سے محروم رکھنا غیر آئینی اور غیر اسلامی ہے جبکہ جعلی ہبہ، فراڈ اور خاندانی دباؤ کے ذریعے خواتین کے وراثتی حقوق ختم نہیں کیے جا سکتے۔عدالت نے اس بات پر بھی زور دیا کہ خواتین کے وراثتی حقوق کے معاملات میں عدلیہ کو ہر وقت چوکس رہنا چاہیے۔فیصلے کے مطابق 195ء میں والد کے انتقال کے بعد 2 بھائیوں نے وراثتی جائیداد اپنے نام منتقل کروالی تھی اور زبانی ہبہ کو بنیاد بنا کر والدہ اور بہنوں کو جائیداد سے محروم کر دیا تھا۔سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ ٹرائل کورٹ، اپیلیٹ کورٹ اور ہائی کورٹ کے فیصلے حقائق اور قانون کے منافی ہیں اگرچہ ہائی کورٹ نے موقف اختیار کیا تھا کہ زبانی ہبہ کو کئی دہائیوں تک چیلنج نہیں کیا گیا تاہم ریکارڈ سے ثابت ہوا کہ کئی برس تک والدہ اور بہنوں کو زمین کی آمدن میں حصہ ملتا رہا جس سے واضح ہوتا ہے کہ انہیں مبینہ ہبہ سے لاعلم رکھا گیا تھا۔

بقیہ 54

گے۔وزیراعظم شہباز شریف جولائی کے پہلے ہفتے میں ایران کا دورہ کریں گے۔ذرائع کے مطابق ایران کے دورے میں وزیراعظم آیت اللہ علی خامنہ ای کی نماز جنازہ میں شرکت کریں گے اور پھر دورہ ایران مکمل کرنے کے بعد وزیراعظم ترکیے بھی جائیں گے۔دوسری جانب مجلس شوریٰ اسلامی ایران کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کے نام خط لکھتے ہوئے انہیں آیت اللہ خامنہ ای کی تعزیتی تقریب میں شرکت کی دعوت دی ہے۔ایرانی اسپیکر نے پاکستانی عوام، اسپیکر ایاز صادق اور ارکانِ اسمبلی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ایرانی اسپیکر نے دونوں ممالک کے درمیان عزت و وقار اور باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی خواہش کا اظہار کیا۔واضح رہے کہ ایران کے شہید سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے لیے تعزیتی تقریب 3 جولائی 2026 کو تہران میں ہوگی۔

اسسٹنٹ کمشنر کشمور شاہ رخ کا ٹرانسپورٹ اڈوں کا دورہ

شہر کے مختلف ٹرانسپورٹ اڈوں کا دورہ کر کے حال ہی میں جاری کردہ سرکاری کرایہ ناموں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا

اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف ایل پی جی دکانوں کا بھی معائنہ کیا، زائد قیمت وصول کرنے والے دکانداروں کو وارننگ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کشمور: اسسٹنٹ کمشنر کشمور شاہ رخ کا ٹرانسپورٹ اڈوں اور ایل پی جی دکانوں کا دورہ، زائد وصولی کرنے والوں کے خلاف کارروائی اسسٹنٹ کمشنر کشمور شاہ رخ نے شہر کے مختلف ٹرانسپورٹ اڈوں کا دورہ کر کے حال ہی میں جاری کردہ سرکاری کرایہ ناموں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ٹرانسپورٹرز اور اڈا مالکان کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ حکومت کی جانب سے مقرر کردہ کرایوں کے مطابق فوری طور پر کرایوں میں کمی کریں اور سرکاری نرخ ناموں کی مکمل پابندی یقینی بنائیں۔دورے کے (بقیہ نمبر 7)

آئی جی اسلام آباد سید ناصر علی رضوی کا شہید علی انور کو سلامی پیش کر رہے ہیں

کانسٹیبل علی انور کی نماز جنازہ پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں ادا

آئی جی اسلام آباد سید ناصر رضوی سمیت پولیس افسران کی بڑی تعداد کی شرکت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کے کانسٹیبل علی انور کی نماز جنازہ پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی سمیت پولیس افسران اور جوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کے کانسٹیبل علی انور کی (بقیہ نمبر 2 2)

صدر زرداری کی کینیڈا کی قیادت کو قومی دن پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کینیڈا کی گورنر جنرل محترمہ لوئیس آربر اور کینیڈا کے عوام کو قومی دن کے موقع پر مبارکباد کا پیغام دیا۔اپنے بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کینیڈا کے ساتھ اپنے دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور مضبوط عوامی روابط پر مبنی ہیں۔

اسسٹنٹ کمشنر کنڈھکوٹ زرار احمد خاصخیلی کی کارروائی

سرکاری نرخوں سے زائد رقم وصول کرنے پر 15 سے زائد ایل پی جی دکانیں سیل

کنڈھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کنڈھکوٹ: اسسٹنٹ کمشنر کنڈھکوٹ زرار احمد خاصخیلی نے شہر کے مختلف علاقوں میں ایل پی جی فروخت کرنے والی دکانوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سرکاری نرخوں سے زائد رقم وصول کرنے پر 15 سے زائد دکانیں سیل کر دیں۔عوامی شکایات اور ضوابط کی خلاف ورزی کا نوٹس لیتے ہوئے (بقیہ نمبر 8)

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی زیر صدارت تھانہ کہوٹہ میں اہم میٹنگ، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹیگیشن، ایس پی صدر، ایس پی سیکورٹی، ڈی ایس پی کہوٹہ، ایس ایچ اوز اور دیگر افسران کی شرکت

نئے اضلاع میں باغات کی ترقی پی ایچ اے کی ترجیح ہے، مرزا ولید بیگ

لاہور (این این آئی) پنجاب ہارٹی کلچر اتھارٹی نے صوبے میں باغات اور سرسبز مقامات کی دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دینے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ سرسبز علاقہ بڑھایا اور شہروں کی خوبصورتی میں اضافہ کیا جا سکے۔ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل مرزا ولید بیگ نے ضلعی ہیڈنگ ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سال پی ایچ اے کے قیام کے بعد اس کے دائرہ اختیار میں آنے والے نئے اضلاع میں موجود باغات کی بہتری اور نئے پارکس (بقیہ نمبر 12)

زمینی تنازع پر تصادم، ایک شخص جاں بحق، دو زخمی

ورثا کا پولیس پر مخالفین سے ملی بھگت کا الزام، شفاف تحقیقات کا مطالبہ

کنڈھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): ضلع کشمور کے شہر کنڈھ کوٹ میں درانی مہر تھانے کی حدود میں بھیا برادری کے دو گروپوں کے درمیان پرانے زمینی تنازع نے ایک بار پھر خونریز رخ اختیار کر لیا۔ تصادم کے دوران ایک شخص جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی (بقیہ نمبر 13)

سرگودھا پولیس کی صرافہ بازار میں کامیاب کارروائی

دو تاجر بھائیوں کو 10 کروڑ کے زیورات، ہیرے اور نقدی سمیت گرفتار کر لیا

سرگودھا) این این آئی) پولیس نے صرافہ بازار میں چھاپہ مار کر دو تاجر بھائیوں کو 10 کروڑ کے زیورات ،ہیرے اور نقدی سمیت گرفتار کر لیا۔زرائع کے مطابق صرافہ بازار کے تاجر عابد بیگ نے 2019 میں 12 کروڑ روپے میں دکان فروخت کی اور بیعنامہ کا چیک لیا جو ڈس آنر ہونے پر تھانہ کینٹ پولیس نے مقدمہ 46/20 درج کیا جس پر (بقیہ نمبر 14)

سرگودھا، 170 خواتین اساتذہ کو اگلے گریڈ میں ترقی دے دی گئی

سرگودھا(این این آئی) محکمہ تعلیم زنانہ نے ضلع کے 170 خواتین اساتذہ کو اگلے گریڈ میں ترقی دے دی۔زرائع کے مطابق محکمہ تعلیم زنانہ سرگودھا کی ڈی ای او رابعہ اسلم نے 170 خواتین اساتذہ کو پروموشن بورڈ کی سفارشات پر 93 خواتین اساتذہ کو پی ایس ٹی سے ای ایس ٹی سائنس، 62 خواتین اساتذہ کو پی ایس ٹی سے ای ایس ٹی آرٹس (بقیہ نمبر 15)

سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل، ننکانہ صاحب میں وزیراعلیٰ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی کا مری اور نیو مری کا تفصیلی دورہ

عوامی منصوبوں کا جائزہ (BHU) چارہان میں طبی سہولیات اور باغِ شہیداں میں پی ایچ اے (PHA) کی ترقیاتی اسکیم کا معائنہ

دور دراز اور پہاڑی علاقوں کے عوام کو صحت کی بہترین اور بروقت سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے، آغا ظہیر عباس شیرازی

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے مری اور نیو مری کا ایک اہم دورہ کیا جس کا مقصد علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی عوامی سہولیات کی فراہمی کا موقع پر جائزہ لینا تھا۔دورے کے پہلے مرحلے میں انہوں نے بنیادی مرکز صحت (BHU) چارہان، نیو مری کا تفصیلی معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے او پی ڈی (OPD)، فارمیسی اور ایمرجنسی وارڈز کا معائنہ (بقیہ نمبر 11)

لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی چینی وفد کے شرکا کو سوونیئر پیش کر رہے ہیں

ستھرا پنجاب کے صفائی آپریشن معمول کے مطابق جاری

بونس سے متعلق ورکرز کے تحفظات دور کر دیئے گئے، صوبائی وزیر ذیشان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ''ایکس'' پر اپنی ایک پوسٹ میں کہا ہے کہ لاہور سمیت صوبہ بھر میں ستھرا پنجاب کی صفائی تمیں معمول کے مطابق بھرپور انداز میں صفائی آپریشنز جاری رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دے رہی ہیں۔گزشتہ عید الضحی اور عشرہ محرم (بقیہ نمبر 27)

17 مشکوک افراد، 23 موٹر سائیکل تھانے منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گرینڈ کومبنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 17 مشکوک افراد اور 23 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومبنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔

قوت سماعت و گویائی سے محروم لڑکی سے زیادتی کرنیوالا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نصیر آباد پولیس نے 14 سالہ قوت سماعت و گویائی سے محروم لڑکی سے زیادتی کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے متاثرہ لڑکی کی والدہ کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملزم کو حراست میں لے لیا، متاثرہ لڑکی کا میڈیکل پراسس کروایا گیا ہے۔

لاہور ٹیوشن سینٹر حادثہ، پنجاب اسمبلی میں مذمتی قرارداد جمع

حادثے میں 14 بچوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں لاہور کے ٹیوشن سینٹر حادثے پر مذمتی قرارداد جمع کرا دی گئی۔قرارداد مسلم لیگ (ن) کی رکن پنجاب اسمبلی سلمی سعید نے جمع کرائی، جس میں حادثے میں 14 بچوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے۔قرارداد میں شہداء کے درجات کی بلندی، زخمی بچوں کی جلد صحت یابی اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا گیا ہے۔حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ شہدا کے لواحقین کے لیے (بقیہ نمبر 28)

ڈیجیٹل والٹ نظام کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانے کی کوششیں قابلِ تحسین

سینیٹر روبینہ خالد سے چیئرپرسن سندھ کمیشن آن دی سٹیٹس آف ویمن ایڈووکیٹ روبینہ امان بروہی کی ملاقات

ملاقات میں خواتین بینیفشریز کو درپیش مسائل کے موثر اور پائیدار حل کے لیے مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا گیا

اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے ایس پی سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین نے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور فوری حل کے لئے اقدامات کئے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے چیئرپرسن سندھ کمیشن آن دی سٹیٹس آف ویمن ایڈووکیٹ روبینہ امان بروہی نے ملاقات کی جس میں بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز میں ہونے والی ملاقات میں خواتین مستحقین کی فلاح و بہبود اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں خواتین بینیفشریز کو درپیش مسائل کے موثر اور پائیدار حل کے لیے مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔بی آئی ایس پی اور سندھ کمیشن آن دی سٹیٹس آف ویمن کے (بقیہ نمبر 29)

خیبر، آسمانی بجلی گرنے سے دو بچے جاں بحق، تین افراد زخمی

خیبر (این این آئی) ضلع خیبر کی تحصیل لنڈی کوتل کے دور افتادہ علاقے بازار ذخہ خیل میں افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں ٹیکہ شان خیل سے تعلق رکھنے والے زالیب گل نامی شخص کے گھر پر آسمانی بجلی گرنے سے دو بچے موقع پر جاں بحق اور تین افراد زخمی ہوگئے۔مقامی ذرائع کے مطابق زخمیوں میں ایک کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے جسے طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔واقعہ کے بعد علاقے میں سوگ کی فضا چھا گئی ، اہلِ علاقہ بڑی (بقیہ نمبر 30)

بلند پہاڑی علاقوں میں درجہ حرارت بڑھنے سے گلیشئرز پگھلنے لگے

گلیشیرز پگھلنے سے ملکی دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی سطح میں بتدریج بہتری

اسلام آباد (این این آئی) بلند پہاڑی علاقوں میں درجہ حرارت بڑھنے سے گلیشئرز پگھلنے لگے، گلیشیرز پگھلنے سے ملکی دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی سطح میں بتدریج بہتری آئی ہے ،تربیلا کے مقام پر دریائے سندھ میں پانی کی 2 لاکھ 26 ہزار 500 کیوسک آمد ریکارڈ کی گئی ،تربیلا کے مقام سے دریائے سندھ میں پانی کا اخراج ایک لاکھ (بقیہ نمبر 31)

وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کی ڈاکٹر وکٹر گاؤ کے بیان کی تائید

علاقائی سلامتی کے دفاع کے لئے چین کے عزم پر شک نہیں ہونا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے نائب صدر سینٹر فار چائنا اینڈ گلوبلائزیشن ڈاکٹر وکٹر گاؤ کے بیان کی تائید کی ہے۔انہوں نے ڈاکٹر وکٹر گاؤ کے بیان کو اپنے سوشل میڈیا ایکس اکاؤنٹ پر شیئر کرتے ہوئے اسے پاکستانی موقف کی حمایت قرار دیا۔گزشتہ روز نائب صدر سینٹر فار چائنا اینڈ گلوبلائزیشن ہیجنگ ڈاکٹر وکٹر گاؤ نے اسلام آباد میں سندھ طاس معاہدے سے متعلق بین الاقوامی سیمینار سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی، گرمی کی شدید لہر کے باعث لیاقت باغ میں کوئے اپنی پیاس بجھا رہے ہیں

مصدق ملک سے اقوام متحدہ کے اسسٹنٹ سیکرٹری کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک سے اسلام آباد میں اقوام متحدہ کے دفتر برائے رابطہ برائے انسانی امداد کے اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل برائے انسانی امور اور ڈپٹی ایمرجنسی ریلیف کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ نے ملاقات کی۔اس موقع پر اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) کے نمائندگان بھی موجود تھے۔بدھ کو وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی سے جاری بیان (بقیہ نمبر 33)

پاکستان کسٹمز کی جون 2026 میں ریکارڈ محصولات وصولی

کسٹمز ڈیوٹی کا ماہانہ ہدف 10 فیصد سے زائد عبور، درآمدات پر مجموعی ٹیکسوں کی مد میں 7 46 ارب روپے کی تاریخی وصولی کی

ہم قومی خزانے کے لیے زیادہ سے زیادہ محصولات کی وصولی کے اپنے عزم پر ثابت قدم ہیں، چیئرمین ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کسٹمز نے جون 2026 کے دوران محصولات کی وصولی میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے درآمدات پر مجموعی ٹیکسوں کی مد میں 467 ارب روپے کی تاریخی وصولی کی، یہ گزشتہ سال جون میں وصول کیے گئے 350.3 ارب روپے کے مقابلے میں 33 فیصد نمایاں اضافہ ہے۔یہ شاندار کامیابی چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال کی قیادت اور ملک بھر میں خدمات انجام دینے والے پاکستان کسٹمز کے افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، لگن (بقیہ نمبر 34)

ڈسکوز کی نجکاری سے قبل بجلی معاہدوں کا شفاف آڈٹ کروایا جائے

نجی بجلی کمپنیوں کو اربوں کی ادائیگیاں، عوام مہنگی بجلی خریدنے پر مجبور، رپورٹ

ڈسکوز کی فوری نجکاری روکی جائے، مزدور تنظیموں کا حکومت سے مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پبلک سروسز انٹرنیشنل (PSI) سے وابستہ مزدور یونینوں نے حکومتِ پاکستان سے بجلی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی مجوزہ نجکاری روکنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی کے شعبے میں گزشتہ ایک دہائی کے دوران نجکاری کی پالیسیوں سے نجی کمپنیوں کو مالی فوائد تو حاصل ہوئے تاہم صارفین کے لیے بجلی مزید مہنگی ہوئی اور بجلی کی حقیقی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہو سکا۔یہ مطالبہ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں منعقدہ (بقیہ نمبر 35)

آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت سکیورٹی انتظامات سے متعلق اجلاس

عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات تیز کرنے کی ہدایت، شہریوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی کیلئے خصوصی احکامات جاری

تمام دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے سکیورٹی نظام کو مزید مضبوط اور فعال بنایا جائے، سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سکیورٹی انتظامات سے متعلق اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی گئی، جبکہ جدید ٹیکنالوجی، موثر کوآرڈینیشن اور بروقت ریسپانس کے ذریعے شہریوں کو محفوظ اور پرامن ماحول کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے خصوصی احکامات جاری کئے گئے۔تفصیلات کے (بقیہ نمبر 16)

امر پورہ میں ایک ہال پر مزدور آرائشیں کی مدد سے فرنیچر کی تیاری کے لیے لکڑیاں کاٹنے میں مصروف ہے

ڈی آئی جی اسلام آباد کا مختلف امام بارگاہوں کا دورہ

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، محمد جواد طارق

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے محرم الحرام کے دوران مختلف امام بارگاہوں کا دورہ کر کے سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے محرم الحرام کے دوران مختلف امام بارگاہوں اور مجالس کے مقامات کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے سکیورٹی، داخلی و خارجی راستوں، واک تھرو گیٹس، سی سی ٹی وی مانیٹرنگ، پولیس نفری کی تعیناتی اور دیگر حفاظتی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ڈی آئی جی اسلام آباد نے ڈیوٹی پر موجود افسران و جوانوں سے (بقیہ نمبر 24)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی ایس ایس پی ماڈل پرزنز اسلام آباد علی اکبر اور اے آئی جی لیگل طاہر کاظم سے اہم ملاقات کر رہے ہیں

لیڈی منشیات سپلائر گرفتار، 01 کلو 800 گرام چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) نصیر آباد پولیس نے لیڈی منشیات سپلائر گرفتار کر کے 01 کلو 800 گرام چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے لیڈی منشیات سپلائر کو گرفتار کر کے 01 کلو 800 گرام چرس برآمد کر لی، زیر حراست لیڈی منشیات سپلائر کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کہا کہ منشیات کے ناسور (بقیہ نمبر 17)

نو پارکنگ میں کھڑی گاڑیوں کے خلاف اسلام آباد ٹریفک پولیس کارروائی میں مصروف ہے

تنہائی سالانہ 8 لاکھ سے زائد اموات کا سبب بن رہی ہے

تنہائی سے دل کے امراض، ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس، فالج اور ذہنی دباؤ کے امکانات بڑھ جاتے ہیں

مکو آنہ (این این آئی) عالمی ادارہ صحت کی حالیہ رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں ہر سال 8 لاکھ سے زائد افراد تنہائی کے باعث جان کی بازی ہار جاتے ہیں۔رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ تنہائی اور سماجی تعلقات کا فقدان انسانی صحت کے لیے اتنا ہی خطرناک ہے جتنا کہ تمباکو نوشی، موٹاپا یا فضائی آلودگی۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دنیا بھر میں ہر 6 (بقیہ نمبر 18)

6 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر کے 25 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ چکلالہ، روات، مندرہ اور آر اے بازار کے علاقوں میں کی گئیں۔ڈویژنل پبلک آرڈر نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

ایل پی جی کی قیمت میں بڑی کمی، دکانداروں نے قیمت کم نہ کی

مختلف مقامات پر سرکاری قیمت 241 روپے کی بجائے 400 روپے کلو فروخت جاری

لاہور امرید کے (این این آئی) ایل پی جی کی قیمت میں بڑی کمی کے باوجود دکانداروں نے قیمت کم نہ کی، لاہور سمیت پنجاب کے مختلف مقامات پر سرکاری قیمت 241 روپے کلو کی بجائے 350 روپے سے 400 روپے کلو فروخت کر رہے (بقیہ نمبر 19)

ہائیکورٹس میں ایڈیشنل ججز کی تقرری کیلئے انٹرویو کمیٹیاں تشکیل

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم سینئر ہونے کے باعث تمام کمیٹیوں کی رکن ہوں گی

چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے بطور چیئرمین جوڈیشل کمیشن کمیٹیوں کی تشکیل کا نوٹیفکیشن جاری کیا

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان کی منظوری سے ملک کی تمام ہائیکورٹس میں ایڈیشنل جج کی تقرری کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز کے لیے کمیٹیاں تشکیل دینے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم سینئر ہونے کے باعث تمام کمیٹیوں کی رکن ہوں گی۔چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے بطور چیئرمین جوڈیشل کمیشن کمیٹیوں کی تشکیل کا نوٹیفکیشن جاری کیا، نوٹیفکیشن کے مطابق لاہور ہائی کورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تقرری کے لیے جسٹس سید حسن اظہر رضوی کو انٹرویو کمیٹی کا چیئرمین (بقیہ نمبر 20)

ساتھیوں کے ہمراہ تشدد کر کے شہری کو زخمی کرنیوالے دو اشخاص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نیوٹاؤن پولیس نے ذاتی رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ تشدد کر کے شہری کو زخمی کرنے والے دو اشخاص گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ذاتی رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ تشدد کر کے شہری کو زخمی کرنے والے دو اشخاص کو گرفتار کر لیا، واقعہ کا مقدمہ چند روز قبل درج کیا گیا تھا، نیوٹاؤن پولیس نے تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، زیر حراست اشخاص کے دیگر ساتھیوں (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی: گرمی کی شدید لہر کے دوران ایک سائیکل سوار چہرہ رومال سے ڈھانپے شدید دھوپ میں اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہے

قیمتی اشیاء چوری کرنے والے ''مکھی گینگ'' کے دو ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے چوری شدہ 08 قیمتی موبائل فون اور نقدی برآمد کر لی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ کراچی کمپنی نے موثر کارروائی کرتے ہوئے پمز ہسپتال کی پارکنگ میں مریضوں کے لواحقین کے موبائل فون اور نقدی چوری کرنے والے "مکھی گینگ" کے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا، جبکہ پولیس ٹیم نے ملزمان کے (بقیہ نمبر 23)

بغیر اجازت گھروں میں قائم ٹیوشن سینٹرز بند اور جرمانوں کا فیصلہ

حفاظتی انتظامات، طلبہ کی تعداد اور رجسٹریشن کا ریکارڈ جمع کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) کا ہنہ میں ٹیوشن سنٹر کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے کے بعد ایجوکیشن اتھارٹی لاہور نے شہر بھر میں قائم ٹیوشن سنٹرز، اکیڈمیز اور تعلیمی عمارتوں کا ہنگامی سروے کرانے کا فیصلہ کر لیا جبکہ انتظامیہ نے اعلان کیا ہے کہ بغیر اجازت گھروں میں ٹیوشن پڑھانے پر جرمانے ہوں گے۔سی ای او ایجوکیشن اتھارٹی کے مطابق سروے کے دوران تمام نجی اکیڈمیز اور ٹیوشن سینٹرز میں حفاظتی انتظامات، طلبہ کی تعداد اور دیگر (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد 36 اشتہاریوں سمیت 39 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

20 بوتل شراب، ایک گن، ایک کلاشنکوف اور ایک عدد خنجر برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 36 اشتہاریوں سمیت 39 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے 20 بوتل شراب، ایک گن، ایک کلاشنکوف اور ایک عدد خنجر برآمد کر لیا۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ کراچی کمپنی ، تھانہ گولڑہ، (بقیہ نمبر 25)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035